# Question Bank
# P.G Department of Urdu
# Maulana Azad College
## Urdu (Hons)
## 1st Semester

**C C - 1**

**۱۔مندرجہ ذیل سوالوں کے جواب دیجیے۔**

۱۔ ہندآریائی عہد کو کتنے حصوں میں تقسیم کیا گیا ہے؟

(الف) ۴ (ب) ۵ (ج) ۶ (د) ۳

۲۔مغربی ہندی میں کل کتنی بولیاں شامل ہیں؟

(الف) ۴ (ب) ۵ (ج) ۶ (د) ۳

۳۔''پنجاب میں اردو'' کس کی تخلیق ہے؟

(الف) محمود شیرانی (ب) نصیرالدین ہاشمی (ج) مسعود حسین خاں (د) سید سلیمان ندوی

۴۔دلی کالج کب قایم ہوا؟

(الف) ۱۸۲۰ (ب) ۱۸۲۵ (ج) ۱۸۳۰ (د) ۱۸۳۵

۵۔''گنج خوبی'' کس کی کتاب ہے؟

(الف) میرامن (ب) سرور (ج) تحسین (د) حیدری

۶۔سرسید کا سب سے اہم کارنامہ کیا ہے؟

۷۔سرسید کا مزار کہاں ہے؟

(الف) دلی (ب) آگرہ (ج) علی گڑھ (د) لکھنؤ

۸۔نظامی بیدری کس عہد کا شاعر ہے؟

(الف) بہمنی (ب) عادل شاہی (ج) نظام شاہی (د) قطب شاہی

۹۔قطب شاہی حکومت کہاں قایم تھی؟

(الف) بیجاپور (ب) بیدر (ج) گولکنڈہ (د) حیدرآباد

۱۰۔فورٹ ولیم کالج مین صدر شعبۂ ہندوستانی تھے؟

(الف) ویلزلی (ب) گلکرسٹ (ج) میر امن (د) بہادر علی حسینی

## 2. مختصر سوالوں کے جواب دیجیے:

١. ہندوستان میں آریاؤں کی آمد کو کتنے حصوں میں تقسیم کیا جا سکتا ہے؟

٢. مغربی ہندی میں کل کتنی بولیاں شامل ہیں۔ان کے نام بتائیے۔

٣. فورٹ ولیم کالج کی بنیاد کب اور کس نے ڈالی؟

٤. فورٹ ولیم کالج کے پہلے پرنسپل کا نام بتائیے۔

٥. فورٹ ولیم کالج کے کسی دو منشیوں کے نام بتائیے۔

٦. جان گل کرسٹ کی کسی دو کتابوں کے نام بتائیے۔

٧. بہمنی خاندان کی بنیاد کب ڈالی گئی اور اس کا پہلا حکمراں کون تھا؟

٨. عادل شاہی خاندان کی بنیاد کب ڈالی گئی اور اس کا پہلا حکمراں کون تھا؟

٩. قطب شاہی خاندان کی بنیاد کب ڈالی گئی اور اس کا پہلا حکمراں کون تھا؟

١٠. دلی کالج کی بنیاد کب اور کس نے ڈالی؟

١١. دلی کالج کہاں قائم ہوا؟

١٢. انجمن پنجاب سے وابستہ کسی دو ادیبوں کے نام بتائیے۔

١٣. انجمن پنجاب کی بنیاد کب ڈالی گئی اور اس کے صدر کون تھے؟

١٤. میر امن کی کسی دو کتابوں کے نام بتائیے۔

١٥. ترقی پسند تحریک کا پہلا اجلاس کب اور کس کی صدارت میں ہوا؟

١٦. ترقی پسند تحریک سے وابستہ کسی دو شعرا کے نام لکھئے۔

١٧. جدیدیت سے تعلق رکھنے والے کسی دو افسانہ نگاروں کے نام بتائیے۔

١٨. سرسید کی دو تصانیف کے نام بتائیے۔

١٩. آب حیات کا تعلق کس صنف ادب سے ہے اور اس کے خالق کون ہیں؟

٢٠. آب حیات کا سن اشاعت بتائیے اور اس کا موضوع کیا ہے؟

٢١. "مقدمۂ تاریخ زبان اردو" کے مصنف کا نام بتائیے۔

٢٢. "پنجاب میں اردو" کے خالق کا نام بتائیے۔

٢٣. "اردو ادب کی تحریکیں" کے مصنف کا نام احاطۂ تحریر میں لائیے۔

٢٤. باغ و بہار کے علاوہ میر امن کی دوسری کتاب                کا نام بتائیے۔

٢٥. "توتا کہانی" کے خالق کا نام بتائیے۔

۲۶. آریا قوم کہاں کی رہنے والی تھی؟

۲۷. کھڑی بولی کہاں رائج تھی؟

۲۸. برج بھاشا کا علاقہ کہاں ہے؟

۲۹. سنسکرت اور پراکرت کے لغوی معنی بتائیے۔

۳۰. فورٹ ولیم کالج کی دو مشہور داستانوں کے نام لکھیے۔

۳۱. فورٹ ولیم کالج کے قیام کے وقت ہندوستان کا گورنر جنرل کون تھا؟

۳۲. فورٹ ولیم کالج پر لکھی گئی دو تنقیدی کتابوں کے نام لکھیے۔

۳۳. قطب شاہی دور کے دو مشہور شاعروں کے نام لکھیے۔

۳۴. وجہی کی دو تخلیقات کے نام تحریر کیجیے۔

۳۵. دلی کالج سے وابستہ دو منشیوں کے نام لکھیے۔

**3. درج ذیل سوالوں کے جواب دیجیے:**

۱. ہند آریائی زبان کے ارتقا سے اپنی واقفیت کا اظہار کیجیے۔

۲. مغربی ہندی اور اس کی بولیوں سے اپنی واقفیت کا اظہار کیجیے۔

۳. وسط ہند آریائی زبان سے اپنی واقفیت کا اظہار کیجیے۔

۴. قدیم ہند آریائی زبان سے آپ کیا سمجھتے ہیں۔ بحث کیجیے۔

۵. ہندوستان میں آریایوں کی آمد پر ایک نوٹ لکھئے۔

۶. اردو زبان و ادب کے فروغ میں صوفیائے کرام کی خدمات کا جائزہ لیجیے۔

۷. دکن میں اردو کے آغاز و ارتقا کا جائزہ لیجیے۔

۸. دبستان لکھنو کی شعری روایت سے بحث کیجیے۔

۹. دبستان دہلی کی شعری روایت سے بحث کیجیے۔

۱۰. فورٹ ولیم کالج کی ادبی خدمات کا جائزہ لیجیے۔

۱۱. بہمنی خاندان کی ادبی خدمات کو احاطۂ تحریر میں لائیے۔

۱۲. عادل شاہی خاندان کی ادبی خدمات کا محاسبہ کیجیے۔

۱۳. قطب شاہی خاندان کی علمی و ادبی خدمات کا مفصل جائزہ لیجیے۔

۱۴. سرسید تحریک نے اردو ادب پر کیا اثرات مرتب کیے۔ بحث کیجیے۔

۱۵. باغ و بہار کی روشنی میں میر امن دہلوی کی نثری خدمات کا جائزہ لیجیے۔

۱۶. اردو داستانوں میں باغ و بہار کا مقام متعین کیجیے۔

۱۷. انجمن پنجاب کی علمی و ادبی خدمات کا جائزہ لیجیے۔

۱۸. ۱۹۸۰ء کے بعد اردو کی مجموعی صورت حال کا عمومی جائزہ لیجیے۔

۱۹. سرسید تحریک پر ایک مضمون قلمبند کیجیے۔

۲۰. اردو زبان کے آغاز وارتقا سے متعلق مختلف نظریات کا احاطہ کیجیے۔

۲۱. "اردو زبان پنجاب سے نکلی ہے" ..... اس خیال کی تائید یا تردید مع دلائل کیجیے۔

۲۲. "اتنی بات تو ہر شخص جانتا ہے کہ اردو زبان برج بھاشا سے نکلی ہے" اس خیال کی وضاحت کیجیے۔

۲۳. اردو زبان کے آغاز وارتقا سے متعلق مختلف نظریات میں سے کسی ایک نظریے پر سیر حاصل گفتگو کیجیے۔

۲۴. فورٹ ولیم کالج کے کسی دو منشیوں پر نوٹ لکھئے۔

۲۵. میر امن کی نثری خدمات کا جائزہ لیجیے۔

۲۶. فورٹ ولیم میں لکھی گئی اہم داستانوں کا جائزہ لیجیے۔

۲۷. ملاوجہی کی ادبی خدمات کا جائزہ لیجیے۔

۲۸. بہمنی دور کی ادبی خدمات کا مختصر جائزہ لیجیے۔

۲۹. علی گڑھ تحریک کے اغراض ومقاصد پر روشنی ڈالیے۔

۳۰. قطب مشتری پر نوٹ لکھیے۔

## C C - 02

**ا۔مندرجہ ذیل سوالوں کے جواب دیجیے۔**

ا۔ولی کے ہم عصروں میں تھے؟

(الف) میر (ب) غالب (ج) وجہی (د) ان میں سے کوئی نہیں

۲۔سراج کہاں کے رہنے والے تھے؟

(الف) عظیم آباد (ب) مرشد آباد (ج) اورنگ آباد (د) ان میں سے کوئی نہیں

۳۔ ''منہ تکا ہی کرے ہے جس تس کا'' کس شاعر کا مصرعہ ہے؟

(الف) میر (ب) غالب (ج) وجہی (د) ان میں سے کوئی نہیں

۴۔ سودا کا پورا نام تھا؟

(الف) مرزا محمد رفیع (ب) محمد وقیع (ج) محمد شفیع (د) ان میں سے کوئی نہیں

۵۔ میر کس صدی سے تعلق رکھتے ہیں؟

(الف) ۱۵ویں صدی (ب) ۱۶ویں صدی (ج) ۱۸ویں صدی (د) ان میں سے کوئی نہیں

۶۔ خدائے سخن کہا جاتا ہے؟

(الف) میر (ب) غالب (ج) سودا (د) ان میں سے کوئی نہیں

۷۔ مصحفی کی معرکہ آرائی کس شاعر سے تھی؟

(الف) انشاء (ب) جرأت (ج) ناسخ (د) ان میں سے کوئی نہیں

۸۔ غالب کے ہم عصر تھے؟

(الف) میر (ب) مومن (ج) سودا (د) ان میں سے کوئی نہیں

۹۔ مومن کی کتنی غزلیں آپ کے نصاب میں شامل ہیں؟

(الف) ۲ (ب) ۵ (ج) ۶ (د) ان میں سے کوئی نہیں

۱۰۔ اردو غزل کس کی تصنیف ہے؟

(الف) یوسف حسین خاں (ب) آل احمد سرور (ج) مسعود حسن رضوی (د) ان میں سے کوئی نہیں

**۲ ۔ درج ذیل سوالات کے مختصر جواب دیجیے:**

(۱) غزل کی تعریف کیجیے۔

(۲) غزل کے موضوعات کیا ہیں؟

(۳) غزل کی داخلی اور خارجی کیفیات کی مثال شعر کے ذریعہ دیجیے۔

(۴) غزل کے امتیازی عناصر کیا ہیں؟ دو مثالیں دیجیے۔

(۵) غزل کو "نیم وحشی صنفِ سخن" کس نے کہا؟

(۶) دکن کے کسی دو اہم شاعروں کے نام لکھئے۔

(۷) قلی قطب شاہ کا تعلق کہاں سے تھا؟ ان کا ایک شعر لکھئے۔

(۸) "مفلسی سب بہار کھوتی ہے ...... شعر مکمل کیجیے اور شاعر کا نام بتائیے۔

(۹) ولی دکنی نے دلی کا سفر کتنی بار کیا اور کس سے ملنے کے لئے گئے؟

(۱۰) میر تقی میر کا تعلق کس دبستان سے ہے؟ ان کا ایک شعر تحریر کیجیے۔

(۱۱) شمالی ہند کے کسی دو اہم شاعروں کے نام بتائیے؟

(۱۲) شمالی ہند کے اوائل دور کے کسی دو شاعروں کے نام تحریر کیجیے۔

(۱۳) "سراپا موم ہو یا سنگ ہو جا" ...... اس کا پہلا مصرعہ لکھئے۔

(۱۴) خبر تحیّر عشق سن نہ جنوں رہا نہ پری رہی

نہ تو تو رہا نہ تو میں رہا جو رہی سو بے خبری رہی

یہ شعر کس کا ہے اور اس شعر کے معنی کیا ہیں؟

(۱۵) سودا کی پیدائش کہاں ہوئی تھی اور ان کا پورا نام کیا ہے؟ ان کے دو ہم عصر شاعروں کے نام لکھئے۔

(۱۶) مومن کا پورا نام بتائیے اور ان کی غزلوں کی دو اہم خصوصیات تحریر کیجیے۔

(۱۷) "تم میرے پاس ہوتے ہو گویا".... شعر مکمل کیجیے اور شاعر کا نام بتائیے۔

(۱۸) دبستان لکھنو کے دو اہم شاعروں کے نام بتائیے۔

(۱۹) انشاء کی پیدائش کہاں ہوئی تھی؟ ان کا ایک مشہور شعر لکھئے۔

(۲۰) دبستان لکھنو کی غزل گوئی کی دو امتیازی خصوصیات بتائیے۔

(۲۱) آتش کی پیدائش کہاں ہوئی تھی؟ آتش اور مصحفی میں کیا رشتہ تھا؟

(۲۲) "دلِ ناداں تجھے ہوا کیا ہے" ...... شعر مکمل کیجیے اور شاعر کا نام بتائیے۔

(۲۳) ولی کا اصل نام اور سن پیدائش لکھیے۔

(۲۴) سراج کا پورا نام اور جائے پیدائش لکھیے۔

(۲۵) میر کے دو ہم عصروں کے نام لکھیے۔

(۲۶) شامل نصاب غزلوں میں سے سودا کا کوئی شعر لکھیے۔

(۲۷) مصحفی کی شامل نصاب غزلوں میں کسی ایک غزل کا مطلع لکھیے؟

(۲۸) دبستان دہلی کی غزل گوئی کے دو امتیازی خصوصیات بتائیے۔

(۲۹) سودا نے غزل کے علاوہ اور کن اصناف میں طبع آزمائی کی ہے؟

(۳۰) مصحفی کے کسی دو ہم عصروں کے نام لکھیے۔

(۳۱) مصحفی کا پورا نام اور جائے پیدائش تحریر کیجیے۔

(۳۲) ''ہماری شاعری'' کیا ہے اور اس کے مصنف کون ہیں؟

## ۳ ۔ درج ذیل سوالات کے جواب تحریر کیجیے:

(۱) غزل کا مفہوم بتائیے، اس کی ہیئت واضح کیجیے اور اس کے موضوعات سے بحث کیجیے۔

(۲) غزل کے فن سے بحث کیجیے اور اس کی مقبولیت کے اسباب بیان کیجیے۔

(۳) غزل کے عہد بہ عہد ارتقا کا جائزہ لیجیے۔

(۴) غزل کے امتیازی عناصر سے بحث کیجیے اور اسلوب کی معنویت واضح کیجیے۔

(۵) دکن میں غزل کے آغاز وارتقا سے بحث کیجیے۔

(۶) دکنی اردو غزل پر ولی دکنی نے جو اثرات مرتب کئے ان کا جائزہ لیجیے۔

(۷) سراج اورنگ آبادی کی صوفیانہ شاعری کا جائزہ لیجیے۔

(۸) شمالی ہند میں غزل کی روایت سے اپنی واقفیت کا اظہار کیجیے۔

(۹) میر تقی میر کی غزل گوئی سے اپنی واقفیت کا اظہار کیجیے۔

(۱۰) غالب کی غزل گوئی کے امتیازات واضح کیجیے۔

(۱۱) شمالی ہند کی غزل گوئی میں مومن کی انفرادیت واضح کیجیے۔

(۱۲) میر اور سودا کی غزل گوئی کا تقابلی جائزہ لیجیے۔

(۱۳) دبستان لکھنو کی غزل گوئی کی امتیازی خصوصیات سے اپنی واقفیت کا اظہار کیجیے۔

(۱۴) اپنے ہم عصروں میں آتش ممتاز کیوں ہیں؟ ان کی غزلوں کے حوالے سے بحث کیجیے۔

(۱۵) دبستانِ لکھنو کی غزل گوئی میں انشا کا مقام متعین کیجیے۔

(۱۶) مصحفی یا ناسخ کی غزل گوئی کا اجمالی جائزہ لیجیے۔

(۱۷) غزل کے ارتقائی سفر پر روشنی ڈالیے۔

(۱۸) غزل کے موضوعات کا احاطہ کیجیے۔

(۱۹) دکن میں غزل کی روایت سے بحث کیجیے۔

(۲۰) ولی کی شاعری کے امتیازی عناصر کی نشاندہی کیجیے۔

(۲۱) سراج اورنگ آبادی کی شاعری کا عمومی جائزہ لیجیے۔

(۲۲) میر کے حالات زندگی تحریر کیجیے۔

(۲۳) اردو شاعری میں میر کا مقام متعین کیجیے۔

(۲۴) دبستان دہلی کی غزل گوئی کا جائزہ لیجیے۔

(۲۵) سودا کے حالات زندگی قلمبند کیجیے۔

۴۔ درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے:

(۱) کیونکہ ملنا صنم کا ترک کروں
دلبری اختیار رکھوتی ہے

(۲) وہ عجب گھڑی تھی میں جس گھڑی لیا درس نسخہ عشق کا
کہ کتاب عقل کی طاق پر جیوں دھری تھی تیوں ہی دھری رہی

(۳) شام سے کچھ بجھا سا رہتا ہے
دل ہوا ہے چراغ مفلس کا

(۴) پیغامِ غم جگر کا گلزار تک نہ پہنچا
نالہ مرا چمن کی دیوار تک نہ پہنچا

(۵) لبریز شکوہ تھے ہم لیکن حضور تیرے
کارِ شکایت اپنا گفتار تک نہ پہنچا

(۶) اسرارِ خرابات سے واقف ہو جو زاہد
کعبے سے نہ کم سمجھے درِ پیر مغاں کو

(۷) شیریں نے کوہکن سے منگائی تھی جوئے شیر
گر امتحاں ہے اس سے بھی دشوار کچھ کہو

(۸) چمکی بجلی سی پر نہ سمجھے ہم
حسن تھا یا جمال تھا کیا تھا

(۹) سو رمز کی کرتا ہے اشارے میں وہ باتیں
ہے لطف خموشی میں تکلم سے زیادہ

(۱۰) یارب وہ نہ سمجھے ہیں نہ سمجھیں گے مری بات

دے اور دل ان کو جو نہ دے مجھ کو زباں اور

(۱۱) میں بھی منہ میں زبان رکھتا ہوں

کاش پوچھو کہ مدعا کیا ہے

(۱۲) نہ جاؤں گا کبھی جنت میں، میں نہ جاؤں گا

اگر نہ ہووے گا نقشہ تمہارے گھر کا سا

## 2nd Semester

### C C - 03

**1. درج ذیل سوالات کے جواب دیجیے:**

(1) اردو قصیدہ نگاری میں قصیدے کا بادشاہ کسے کہا جاتا ہے؟

(2) شجاع الدولہ اور آصف الدولہ کی مدح میں کس نے قصیدہ پیش کیا؟

(3) گریز کسے کو کہتے ہیں؟

(4) کسے خاقانئ ہند کا خطاب حاصل ہے اور یہ خطاب کس نے دیا تھا؟

(5) سودا کے شامل نصاب قصیدے کا ایک شعر لکھئے۔

(6) کس نے کہا تھا کہ سودا کی شاعری "واہ" اور میر کی " آہ" ہے اور اسکا ذکر کس کتاب میں ہے؟

(7) ذوق کے قصیدے کا کوئی ایک شعر لکھئے۔

(8) شخصی اور کربلائی مرثئے کا فرق بتایئے۔

(9) ذوق کا انتقال کب اور کہاں ہوا؟

(10) "ساون میں دیا پھر مہ شوال دکھائی" .... دوسرا مصرعہ لکھئے۔

(11) قصیدہ کے علاوہ ذوق نے کس صنف میں طبع آزمائی کی؟

(12) میر انیس کا اصل نام کیا تھا؟ وہ پہلے کون سا تخلص کرتے تھے؟

(13) "جب شامیوں میں صبح کی نوبت کا غل ہوا" .... دوسرا مصرعہ تحریر کیجئے۔

(14) ذوق کے شامل نصاب قصیدے کا آغاز کس مصرعے سے ہوتا ہے؟

(15) سودا کے شامل نصاب قصیدے کا آغاز کس مصرعے سے ہوتا ہے؟

(16) سودا کا انتقال کب اور کہاں ہوا؟

(17) سودا کے قصائد کے موضوعات کیا کیا تھے؟

(18) عرفی اور انوری کے رنگ کو کس نے پسند کیا؟

(19) ذوق کی قصیدہ گوئی کی دو خوبیاں بیان کیجئے۔

(20) کس نے قصیدہ کی روایت کی پاسداری ذوق وشوق کے ساتھ کی؟

(21) سودا کے کسی دو معاصرین کے نام بتایئے۔

(22) یہ شعر کس کی تخلیق ہے

مانند نقش نعل، زمیں سے بجز فنا

ہرگز نہ اٹھ سکے وہ اگر بیٹھے ایک بار

(23) دبستان دہلی کے دو اہم مرثیہ نگاروں کے نام بتایئے۔

(24) شمالی ہند کے کسی دو اہم قصیدہ گویوں کے نام لکھئے

(25) "اردو مرثئے کا ارتقا" اور "موازنہ انیس و دبیر" کس کی کتابیں ہیں؟

(26) مرزا دبیر کا اصل نام لکھئے اور ان کی جائے پیدائش بتایئے۔

(27) مرثئے کے زوال کا کوئی ایک سبب لکھئے۔

(28) "تنہا کھڑے ہیں تولے ہوئے ذوالفقار کو".... یہ مصرعہ کس شاعر کا ہے اور یہاں ذوالفقار کسے کہا گیا ہے؟

(29) انیس کے دو ہم عصر مرثیہ نگاروں کے نام بتایئے۔

(30) "وہ خسرو روشن گہر جس کو خجل ہو دیکھ کر" ..... یہ مصرعہ کہاں سے لیا گیا ہے اور کس کی مدح میں ہے۔

(31) مرثیہ کی تعریف کیجئے۔

(32) ذوق کو کس بادشاہ نے ملک الشعراء کا خطاب دیا تھا؟ (33) سودا کے دو ممدوحین کے نام لکھئے۔

(34) ذوق کے دو ممدوحین کے نام لکھئے۔ (35) سودا کو "پہلوان سخن" کس نے کہا تھا؟

(36) انیس کا پورا نام اور ان کی جائے پیدائش لکھئے۔

(37) قصیدہ کس زبان کا لفظ ہے اور اس کے لغوی معنی کیا ہیں؟

(38) قصیدہ کے کل کتنے اجزائے ترکیبی ہیں؟ ان میں سے کسی دو کے نام لکھئے۔

(39) مبالغہ آرائی کس صنف سخن کی خصوصیت تسلیم کی جاتی ہے؟

(40) مرثیہ کے کل کتنے اجزائے ترکیبی ہیں؟ ان میں سے کسی دو کے نام لکھئے۔

## 2. تفصیلی جواب والے سوالات:

(1) قصیدہ کی تعریف پیش کیجئے اور اردو میں اسکی روایت کا جائزہ لیجئے۔

(2) ذوق کی قصیدہ نگاری کے بنیادی اوصاف سے بحث کیجئے۔

(3) سودا کی قصیدہ گوئی کی خصوصیات سے بحث کیجئے۔

(4) سودا کے قصیدہ "در تضحیک روزگار" کا تنقیدی جائزہ لیجئے۔

(5) میر انیس کی مرثیہ نگاری کی خصوصیات بیان کیجئے۔

(6) میر انیس اور مرزا دبیر کا موازنہ کیجئے۔ (7) قصیدہ کے اجزائے ترکیبی سے بحث کیجئے۔

(8) دکن میں اردو قصائد کے ارتقا کا جائزہ لیجئے۔ (9) شمالی ہند میں اردو قصائد کے ارتقا کا جائزہ لیجئے۔

(10) غالب کی قصیدہ نگاری کے بارے میں جو جانتے ہیں لکھئے۔

(11) مرثیہ کے اجزائے ترکیبی سے بحث کیجئے۔

(12) مرثیہ کی تعریف کیجئے اور اردو میں اسکی روایت کا جائزہ لیجئے۔

(13) شخصی اور کربلائی مرثئے کے فرق کی وضاحت کیجئے۔

(14) دبستان دہلی کے اہم مرثیہ نگاروں کا عمومی جائزہ لیجئے۔

(15) دبستان لکھنوء کے اہم مرثیہ نگاروں کا عمومی جائزہ لیجئے۔

(16) سودا اور ذوق کی قصیدہ نگاری کا تقابلی جائزہ پیش کیجئے۔

(17) دبیر کی مرثیہ نگاری کی خصوصیات بیان کیجئے۔

(18) ذوق کے شامل نصاب قصیدے کا تجزیاتی مطالعہ پیش کیجئے۔

(19) میرانیس کے مراثی میں ہندوستانی عناصر کی کارفرمائی ملتی ہے۔ بحث کیجیے۔

(20) دبیر کے مراثی میں ہندوستانی تہذیب وثقافت کی جھلک ملتی ہے۔ بحث کیجئے۔

(21) مناظر فطرت کی عکاسی میں میرانیس نے کس کمال کا ثبوت دیا۔ان کے مراثی کی روشنی میں بیان کیجئے۔

(22) قصیدے کے زوال کے اسباب بیان کیجئے۔

(23) اجزائے ترکیبی کی روشنی میں ذوق کی قصیدہ نگاری کا جائزہ لیجئے۔

(24) اجزائے ترکیبی کی روشنی میں سودا کی قصیدہ نگاری کا جائزہ لیجئے۔

(25) مرزا دبیر اپنے مراثی میں مناظر فطرت کو پیش کرنے میں کہاں تک کامیاب ہیں؟ بحث کیجئے۔

(26) "سودا پہلا شخص ہے جس نے قصیدے کو درجہ کمال تک پہنچایا" ... اس قول کی روشنی میں سودا کو بحیثیت قصیدہ گو پیش کیجئے۔

(27) میرانیس کے سامنے الفاظ ہاتھ باندھے کھڑے رہتے تھے اور وہ جب جس لفظ کی ضرورت محسوس کرتے بے دھڑک استعمال کرتے جاتے۔آپ اس خیال سے کس حد تک اتفاق کرتے ہیں۔

(28) ذوق نے اپنے قصائد میں کیسے کیسے موضوعات نظم کئے ہیں۔اس پر روشنی ڈالیے۔

## C C - 04

**1. درج ذیل سوالات کے جواب مختصراً لکھئے:**

(i) مثنوی کی تعریف کیجئے۔

(ii) مثنوی کے اجزائے ترکیبی لکھئے۔

(iii) دکن کے کسی دو مثنوی نگاروں کے نام بتائیے۔

(iv) شمالی ہند کے کسی دو مثنوی نگاروں کے نام لکھئے۔

(v) نصاب میں شامل کسی دو مثنوی نگاروں کے نام بتائیے۔

(vi) میر حسن کی کسی دو مثنویوں کے عنوان بتائیے۔

(vii) مثنوی درحال عشق کے خالق کا نام بتائیے۔

(viii) میر کی پیدائش کب اور کہاں ہوئی؟

(ix) میر مثنوی کے علاوہ کس صنف میں شہرت رکھتے ہیں؟

(x) نظم کی تعریف کیجئے۔

(xi) انجمن پنجاب کی بنیاد کب اور کس نے ڈالی؟

(xii) انجمن پنجاب کی بنیاد کس صنف کے فروغ کے لئے ڈالی گئی؟

(xiii) انجمن پنجاب کے کسی دو بنیاد گزاروں کے نام بتائیے۔

(xiv) دکن کے کسی دو اہم نظم نگاروں کے نام بتائیے۔

(xv) شمالی ہند کے کسی دو نظم نگاروں کے نام بتائیے۔

(xvi) نظیر کی پیدائش کب اور کہاں ہوئی؟

(xvii) نشاط امید کے علاوہ حالی کی کسی دو نظموں کے عنوان لکھئے۔

(xviii) اقبال کے کسی دو مجموعہ کلام کے نام بتائیے۔

(xix) اقبال کی کسی دو نظموں کے عنوان بتائیے۔

(xx) اقبال کے کسی دو ہم عصر شاعروں کے نام بتائیے۔

(xxi) اقبال کی وفات کب اور کہاں ہوئی؟

(xxii) اقبال کے والدین کے نام بتائیے۔

(xxiii) اقبال کے اس مجموعہ کلام کا نام بتائیے جو دو زبانوں پر مشتمل ہے۔

(xxiv) رباعی کی تعریف کیجئے۔

(xxv) رباعی میں کل کتنے مصرعے ہوتے ہیں؟

(xxvi) رباعی کا کون کون سا مصرعہ ہم قافیہ ہوتا ہے؟

(xxvii) رباعی میں چوتھے مصرعے کی کیا اہمیت ہے؟

(xxviii) نصاب میں شامل میر انیس کی کوئی ایک رباعی لکھئے۔

(xxix) میر انیس رباعی کے علاوہ کس صنف کے لئے مشہور ہیں۔

(xxx) نصاب میں شامل کس رباعی گو کو گیان پیٹھ ایوارڈ ملا ہے؟

(xxxi) فراق کا تعلق کس یونیورسیٹی سے تھا؟

(xxxii) فراق کا پورا نام لکھئے۔

(xxxiii) فراق کس شعبے کے استاد تھے؟

(xxxiv) فراق رباعی کے علاوہ کس صنف کے لئے مشہور تھے؟

(xxxv) امجد حیدر آبادی کا پورا نام بتائیے۔

(xxxvi) میر انیس کا پورا نام لکھیے۔

(xxxvii) میر انیس کی وفات کب اور کہاں ہوئی؟

**2. تفصیلی جواب والے سوالات:**

(i) مثنوی کی تعریف کرتے ہوئے اس کے اجزائے ترکیبی سے بحث کیجیے۔

(ii) اردو مثنوی کے آغاز و ارتقا کا تفصیلی جائزہ لیجیے۔

(iii) میر حسن کی مثنوی نگاری کا تنقیدی جائزہ لیجیے۔

(iv) دیا شنکر نسیم کی مثنوی نگاری پر تفصیلی روشنی ڈالیے۔

(v) مثنوی درحال عشق کی روشنی میں میر کی مثنوی نگاری کا جائزہ لیجیے۔

(vi) نظم کی تعریف کرتے ہوئے اس کی مختلف ہیئتوں کا تفصیلی جائزہ لیجیے۔

(vii) دکن میں اردو نظم کے آغاز و ارتقا پر روشنی ڈالیے۔

(viii) شمالی ہند میں اردو نظم کے آغاز و ارتقا کا تفصیلی جائزہ پیش کیجیے۔

(ix) نظم کے فروغ میں انجمن پنجاب کی خدمات کا تفصیلی جائزہ لیجیے۔

(x) نظیر کو بحیثیت نظم نگار پیش کیجیے۔

(xi) اقبال کی نظم نگاری کا تنقیدی جائزہ لیجیے۔

(xii) نظم نشاط امید کی روشنی میں حالی کی نظم نگاری کا جائزہ لیجیے۔

(xiii) رباعی کی تعریف کرتے ہوئے اس کے موضوعات سے بحث کیجیے۔

(xiv) اردو رباعی کے آغاز و ارتقا کا تفصیلی جائزہ لیجیے۔

(xv) انیس کو بحیثیت رباعی گو پیش کیجیے۔

(xvi) امجد حیدر آبادی کی رباعی گوئی کا تنقیدی جائزہ لیجیے۔

(xvii) فراق گورکھپوری کو بحیثیت رباعی گو پیش کیجیے۔

**3. درج ذیل بند کی تشریح کیجیے:**

(i) عشق ہی کا ہے جہاں میں سب ظہور
نور و ظلمت ہو کہ ہو ظل و حرور
عشق گل ہے عشق بلبل عشق بو
عشق ہے سرو چمن عشق آبجو
ہے کہیں بندہ کہیں ہے یہ خدا
عشق کی ہر جگہ شان جدا
عشق ہر کشور میں لاتا ہے کتاب
عشق کے لوگوں سے ہیں کیا کیا خطاب

(ii) جب چلتے چلتے رستے میں یہ گون تری رہ جاوے گی
اک بدھیا تیری مٹی پر پھر گھاس نہ چرنے آوے گی
یہ کھیپ جو تو نے لادی ہے سب حصوں میں بٹ جاوے گی
دھی پوت جنوائی بیٹیا کیا بنجارن پاس نہ آوے گی
سب ٹھاٹھ پڑا رہ جاوے گا جب لاد چلے گا بنجارا

**4. درج ذیل رباعی کی تشریح کیجیے:**

(i) ہے کعبہ و بت خانہ میں جلوہ تیرا
ہر کافر و دیندار ہے شیدا تیرا
بیمار نزع ہے رشک ابن مریم
سودائی ہے جس کو نہیں سودا تیرا

(ii) اے معنی کائنات مجھ میں آجا
اے راز صفات و ذات مجھ میں آجا
سوتا سنسار جھلملاتے تارے
اب بھیگ چلی ہے رات مجھ میں آجا

## 1. درج ذیل سوالوں میں سے صحیح جواب کی نشاندہی کیجیے:

(i) اردو کے پہلے اخبار کی نشاندہی کیجیے۔

(a) جام جہاں نما　(b) دہلی اردو اخبار　(c) اودھ پنچ　(d) الہلال

(ii) جام جہاں نما کے ایڈیٹر کون تھے؟

(a) پنڈت ہری ہر دت　(b) منشی سدا سکھ　(c) سرسید　(d) لال جی

(iii) جام جہاں نما کی اشاعت کب ہوئی؟

(a) ۱۸۲۰ء　(b) ۱۸۲۱ء　(c) ۱۸۲۲ء　(d) ۱۸۸۳ء

(iv) جام جہاں کی اشاعت کس شہر سے ہوئی؟

(a) دہلی　(b) لکھنو　(c) حیدرآباد　(d) کلکتہ

(v) دہلی اردو اخبار کے ایڈیٹر کون تھے؟

(a) مولوی محمد باقر　(b) سرسید　(c) منشی سجاد حسین　(d) مولانا آزاد

(vi) الہلال اور البلاغ کے مدیر اعلیٰ کون تھے؟

(a) سرسید　(b) مولانا آزاد　(c) عبدالرزاق ملیح آبادی　(d) منشی سجاد حسین

(vii) صحافت کس زبان کا لفظ ہے؟

(a) اردو　(b) فارسی　(c) ترکی　(d) عربی

## 2. درج ذیل سوالات کے جواب مختصراً دیجیے:

(i) صحافت کس زبان کا لفظ ہے؟ اس کے لغوی معنی بتائیے۔

(ii) صحافت کی تعریف کیجیے۔

(iii) اردو کے پہلے اخبار کا نام بتائیے۔

(iv) اردو کے پہلے اخبار کے ایڈیٹر اور مالک کا نام بتائیے

(v) اردو کا پہلا اخبار کب اور کس شہر سے شائع ہوا؟

(vi) آزادی سے قبل شائع ہونے والے کسی دو اخباروں کے نام بتائیے۔

(vii) آزادی کے بعد شائع ہونے والے کسی دو اخباروں کے نام بتائیے۔

(viii) آزادی سے قبل کے کسی دو صحافیوں کے نام بتایئے۔

(ix) آزادی کے بعد کے کسی دو صحافیوں کے نام بتایئے۔

(x) موجودہ دور کے کسی دو مشہور صحافیوں کے نام بتایئے۔

(xi) موجودہ دور میں شائع ہونے والے کسی دو مشہور اخباروں کے نام بتایئے۔

(xii) موجودہ دور میں شائع ہونے والے کسی دو مشہور اردو رسائل کے نام بتایئے۔

(xiii) اردو صحافت کے کسی دو اہم مسائل کی نشاندہی کیجئے۔

(xiv) عبدالرزاق ملیح آبادی نے کون سا اخبار اور کس شہر سے جاری کیا؟

**3. تفصیلی جواب والے سوالات:**

(i) صحافت کی تعریف کرتے ہوئے اسکی موضوعاتی اقسام سے بحث کیجئے۔

(ii) صحافت کا ادب اور سماج سے کیا رشتہ ہے؟ مدلل بحث کیجئے۔

(iii) درج ذیل پر نوٹ لکھئے:

(a) اداریہ نویسی (b) کالم نویسی (c) مراسلہ نگاری (d) انٹرویو (e) فیچر

(iv) صحافت کے آغاز و ارتقا پر روشنی ڈالیے۔

(v) اردو صحافت کے آغاز و ارتقا کا تفصیلی جائزہ لیجئے۔

(vi) صحافت کی تعلیمی، سماجی اور سیاسی اہمیت پر روشنی ڈالیے۔

(vii) صحافت کی اخلاقی و مذہبی افادیت پر روشنی ڈالیے۔

(viii) مولانا آزاد کو بحثیت صحافی پیش کیجئے۔

(ix) اردو صحافت میں "الہلال" کی اہمیت و افادیت پر روشنی ڈالیے۔

(x) عبدالرزاق کو بحثیت صحافی پیش کیجئے۔

(xi) اردو صحافت کے مسائل اور امکانات کا تفصیلی جائزہ لیجئے۔

(xii) "اردو صحافت کا مستقبل تابناک ہے۔" .... کے عنوان سے ایک مضمون قلم بند کیجئے۔

## ۱۔مندرجہ ذیل سوالوں کے جواب دیجیے۔

۱۔سب رس کیا ہے؟

(الف) داستان (ب) ناول (ج) افسانہ (د) ان میں سے کوئی نہیں

۲۔عقل کا کردار ذیل میں سے کس تصنیف میں موجود ہے؟

(الف) باغ و بہار (ب) سب رس (ج) فسانہ عجائب (د) ان میں سے کوئی نہیں

۳۔''سیر تیسرے درویش کی'' کس کتاب میں موجود ہے؟

(الف) باغ و بہار (ب) سب رس (ج) فسانہ عجائب (د) ان میں سے کوئی نہیں

۴۔انجمن آرا کا کردار کس تصنیف میں درج ہے؟

(الف) باغ و بہار (ب) سب رس (ج) فسانہ عجائب (د) ان میں سے کوئی نہیں

۵۔باغ و بہار میں کتنے درویش ہیں؟

(الف) ۱ (ب) ۴ (ج) ٦ (د) ان میں سے کوئی نہیں

٦۔میر امن نے کون سی داستان لکھی؟

(الف) باغ و بہار (ب) سب رس (ج) فسانہ عجائب (د) ان میں سے کوئی نہیں

۸۔ذیل میں سے سرور کی تخلیق کون سی ہے؟

(الف) باغ و بہار (ب) سب رس (ج) فسانہ عجائب (د) ان میں سے کوئی نہیں

۹۔اردو میں باضابطہ داستانیں کہاں لکھی گئیں؟

(الف) دلی کالج (ب) فورٹ ولیم کالج (ج) علی گڑھ کالج (د) ان میں سے کوئی نہیں

۱۰۔ذیل میں ناول کون سا ہے؟

(الف) طلسم ہوش ربا (ب) طلسم حیرت (ج) امراؤ جان (د) ان میں سے کوئی نہیں

## ۲ ۔ درج ذیل سوالات کے جواب مختصراً لکھئے:

1. باغ و بہار کس کی تصنیف ہے اور اس کا سن تصنیف کیا ہے؟
2. "قصہ چہار درویش" کی اصل کون سی زبان ہے؟
3. میر امن کی "باغ و بہار" کس کتاب کا ترجمہ ہے اور وہ کس کی تصنیف ہے؟

4. "خواجہ سگ پرست" کون ہے اور یہ کس کتاب میں موجود ہے؟
5. "باغ و بہار" میں کل کتنے قصّے شامل ہیں ان میں سے کسی دو کے نام لکھئے۔
6. میر امّن نے "باغ و بہار" کہاں لکھی اس کے علاوہ ان کی کسی تصنیف کا نام لکھئے۔
7. فورٹ ولیم کالج میں صدر شعبۂ ہندوستانی کون تھا؟ اسکی کسی ایک تصنیف کا نام لکھئے۔
8. فورٹ ولیم کالج کے کسی دو مشہور منشیوں کے نام تحریر کیجیے۔
9. میر امن کا تعلق کس کالج سے تھا اور وہ کہاں کے رہنے والے تھے؟
10. فورٹ ولیم کالج کی کسی دو مشہور داستانوں کے نام لکھئے۔
11. "فسانۂ عجائب" کیا ہے اور یہ کس کی تصنیف ہے؟
12. فورٹ ولیم کالج سے باہر لکھی جانے والی کسی ایک داستان کا نام لکھئے۔
13. "فسانۂ عجائب" کب اور کہاں لکھی گئی؟
14. "فسانۂ عجائب" کہاں کی تہذیب و معاشرت کی عکاسی کرتی ہے؟
15. سرور کا اصل نام اور ان کی کسی ایک تصنیف کا نام لکھئے۔
16. فسانۂ عجائب میں سرور نے کیسی زبان کا استعمال کیا ہے؟
17. "جان عالم" کون ہے اور یہ کس تصنیف کا کردار ہے؟
18. "ماہ طلعت" کون ہے اور یہ کس تصنیف کا کردار ہے؟
19. "وزیر زادہ" کون ہے اور یہ کس تصنیف کا کردار ہے؟
20. "فسانۂ عجائب" کا کون سا حصّہ آپ کے نصاب میں شامل ہے اسکا نام لکھئے۔
21. نعمان سیّاح کون ہے اور یہ کس کتاب کا کردار ہے؟
22. "باغ و بہار" کا کون سا حصّہ آپ کے نصاب میں شامل ہے؟
23. مقفّی و مسجع عبارت کا نمونہ کس کتاب میں ملتا ہے؟
24. فورٹ ولیم کالج کا قیام کب اور کہاں عمل میں آیا؟
25. "سب رس" کس کی فرمائش پر اور کب لکھی گئی؟
26. "نوطرز مرصع" کی شکل میں کس فارسی کتاب کو پیش کیا گیا اور یہ کام کس نے انجام دیا؟
27. "گنج خوبی" کس نے لکھی اور یہ کس کتاب کا ترجمہ ہے؟
28. میر امن کا تخلص کیا تھا؟

29. سیر تیسرے درویش کی کا شہزادہ کس ملک سے تعلق رکھتا ہے؟

30. "امراؤ جان ادا" کیا ہے اور اس کے مصنف کون ہیں؟

31. "امراؤ جان ادا" کب لکھا گیا؟ اس ناول کا موضوع کیا ہے؟

32. "امراؤ جان ادا" میں ملک کے کس حصّے کے معاشرے کی جھلک ملتی ہے؟

33. امراؤ جان کے اہم کرداروں کے نام بتائیے۔

34. قرۃ العین حیدر نے کس صنف میں اپنا نقش چھوڑا ہے ان کی پہلی تخلیق کیا ہے؟

35. ناول " آگ کا دریا" کس نے لکھا اور یہ کب منظر عام پر آیا؟

36. قرۃ العین حیدر کے کسی دو ناولوں کے نام لکھئے۔

37. پریم چند کا اصل نام لکھئے اور ان کی جائے پیدائش بتائیے۔

38. ان کا پہلا افسانہ کون سا ہے اور یہ کب شائع ہوا؟

39. پریم چند کے کسی دو مشہور ناولوں کے نام لکھئے۔

40. " گئودان" کیا ہے اور یہ کس کی تصنیف ہے؟

41. داستان کی تعریف دو جملوں میں کیجیے؟

42. ناول کے اجزائے ترکیبی میں سے کسی دو کے نام لکھیے؟

43. داستان کے اجزائے ترکیبی میں سے کسی دو کے نام لکھیے؟

44. فورٹ ولیم کالج میں لکھی جانے والی کسی دو داستانوں کے نام لکھیے؟

45. سب رس کیا ہے اور یہ کس کی تخلیق ہے؟

46. ملا وجہی کون تھے اور ان کا تعلق ہندوستان کے کس خطے سے تھا؟

47. باغ و بہار کب اور کہاں لکھی گئی؟

48. فسانہ عجائب کب اور کہاں لکھی گئی؟

49. میر امن کی کسی دو کتابوں کے نام لکھیے؟

50. فورٹ ولیم کالج کے دو منشیوں کے نام لکھیے۔

## ۳۔ تفصیلی جواب والے سوالات:

1. داستان کی تعریف کیجیے اور اس کے اجزائے ترکیبی سے بحث کیجیے۔

2. داستان کی فنی خصوصیات کیا ہیں، اس پر تفصیل سے روشنی ڈالیے۔

3. داستان کی سماجی اور تہذیبی قدر و قیمت سے اپنی واقفیت کا اظہار کیجیے۔

4. دکن میں اردو داستان کے آغاز وارتقا سے بحث کیجیے۔

5. شمالی ہند میں اردو داستان کے آغاز وارتقا سے بحث کیجیے۔

6. فورٹ ولیم کالج میں لکھی جانے والی اہم داستانوں کے بارے میں اپنے خیالات کا اظہار کیجیے۔

7. "سب رس" کیا ہے؟ اس کی لسانی وادبی اہمیت وافادیت کی وضاحت کیجیے۔

8. "باغ و بہار" کی مقبولیت کے اسباب بیان کیجیے۔

9. "باغ و بہار" ایک شفاف پانی کا ابلتا ہوا چشمہ ہے"

منقولہ رائے کی روشنی میں باغ و بہار کی خصوصیات کی نشاندہی کیجیے۔

10. باغ و بہار کے ماخذ سے اپنی واقفیت کا اظہار کیجیے۔

11. "فسانہ عجائب" کی ادبی اہمیت وافادیت پر روشنی ڈالیے۔

12. رجب علی بیگ سرور کو بحیثیت داستان نگار پیش کیجیے۔

13. میر امن کو بحیثیت داستان گو پیش کیجیے۔

14. "باغ و بہار" اور "فسانہ عجائب" کا تقابلی جائزہ پیش کیجیے۔

15. "سب رس" ایک تمثیل ہے آپ اس خیال سے کس حد تک اتفاق کرتے ہیں۔

16. ناول کی تعریف کیجیے اور اس کے اجزائے ترکیبی سے بحث کیجیے۔

17. ناول کی فنی خصوصیات کیا ہیں اس پر تفصیل سے روشنی ڈالیے۔

18. اردو ناول کے آغاز وارتقا سے بحث کیجیے۔

19. شامل نصاب ناول نگاروں میں سے کسی ایک کی ناول نگاری کا جائزہ لیجیے۔

20. "امراؤ جان ادا" کا تنقیدی جائزہ لیجیے۔

21. " گئودان" کا تنقیدی جائزہ لیجیے۔

22. " آگ کا دریا" کا تنقیدی جائزہ لیجیے۔

23. اردو ناول نگاری میں پریم چند کا مقام متعین کیجیے۔

24. قرۃ العین حیدر کی ناول نگاری کا تنقیدی جائزہ پیش کیجیے۔

25. مرزا ہادی رسوا کی ناول نگاری کا محاسبہ کیجیے۔

26. چند اہم ناول نگاروں کا ایک عمومی جائزہ پیش کیجیے۔

27. "سب رس" کا تنقیدی جائزہ پیش کیجیے۔

28. "فسانہء عجائب" کے کسی دو اہم کرداروں پر مختصر تبصرہ کیجیے۔

29. "باغ و بہار" کے کسی دو اہم کرداروں پر مختصر گفتگو کیجیے۔

30. " گئو دان" کے کسی دو اہم کرداروں پر اظہار خیال کیجیے۔

31. "امراؤ جان ادا" کے کسی دو اہم کرداروں پر مختصر نوٹ لکھئے۔

32. "سیر تیسرے درویش کی" کا خلاصہ اپنی زبان میں کیجیے۔

33. داستان کی تعریف کرتے ہوئے اس کی فنی خصوصیات سے بحث کیجیے۔

33. حیدر بخش حیدری پر نوٹ لکھیے۔

34. میر امن کے حالات زندگی تحریر کیجیے۔

35. رجب علی بیگ سرور کے حالات زندگی تحریر کیجیے۔

36. گئو دان پر نوٹ لکھیے۔

38. نذیر احمد کی ناول نگاری کا اختصار سے جائزہ لیجیے۔

## C C - 06

**1۔مندرجہ ذیل سوالوں کے جواب دیجیے۔**

ا۔ پریم چند کا اصل نام کیا ہے؟

(الف) دھنپت رائے (ب) سمپت رائے (ج) کرشنا رائے (د) ان میں سے کوئی نہیں

۲۔نواب رائے کس ادیب کا قلمی نام تھا؟

۲۔نواب رائے کس ادیب کا قلمی نام تھا؟

(الف) منٹو (ب) بیدی (ج) پریم چند (د) ان میں سے کوئی نہیں

۳۔''خواب وخیال'' افسانوی مجموعہ ہے؟

(الف) سجاد حیدر یلدرم (ب) نیاز فتح پوری (ج) سلطان حیدر جوش (د) ان میں سے کوئی نہیں

۴۔منٹو کا اصل نام کیا ہے؟

(الف) سعادت حسن (ب) نورالحسن (ج) شمس القمر (د) ان میں سے کوئی نہیں

۵۔ ''وٹنم'' کس کہانی کا رکا فرضی نام تھا؟

(الف) بیدی (ب) منٹو (ج) عصمت (د) ان میں سے کوئی نہیں

۶۔ ''آتش پارے'' مشہور مجموعہ ہے۔

(الف) افسانوں کا (ب) ناولوں کا (ج) غزلوں کا (د) ان میں سے کوئی نہیں

۷۔ ''ہاتھ ہمارے قلم ہوئے'' کس کے افسانوں کا مجموعہ ہے؟

(الف) منٹو (ب) پریم چند (ج) بیدی (د) ان میں سے کوئی نہیں

۸۔افسانہ ''ہندوستان سے ایک خط'' کے خالق ہیں؟

(الف) سریندر پرکاش (ب) بلراج مین را (ج) انتظار حسین (د) ان میں سے کوئی نہیں

۹۔افسانہ ''چغد'' کے خالق ہیں؟

(الف) منٹو (ب) بیدی (ج) عصمت (د) کرشن چندر

۱۰۔غالب ایوارڈ سے کسے نوازا گیا؟

(الف) منٹو (ب) بیدی (ج) عصمت (د) کرشن چندر

**2۔مختصر سوالات:**

۱. افسانے کے کل کتنے اجزائے ترکیبی ہیں کسی دو کے نام بتایئے۔

۲. آزادی سے قبل کسی دو افسانہ نگاروں کے نام بتایئے۔

۳. آزادی کے بعد کسی دو افسانہ نگاروں کے نام بتایئے۔

۴. پریم چند کی پیدائش کب اور کہاں ہوئی تھی؟

۵. پریم چند کے کسی دو افسانوی مجموعے کے نام بتایئے۔

۶. منٹو کا کون سا افسانہ آپ کے نصاب میں شامل ہے اس کے اصل کردار کا نام بتایئے۔

۷. منٹو کا انتقال کب اور کہاں ہوا تھا؟

۸. بیدی کا پورا نام بتایئے نیز ان کے کسی ایک افسانوی مجموعہ کا نام بھی بتایئے۔

۹. بیدی کی پیدائش کب اور کہاں ہوئی تھی؟

۱۰. غلام عباس کے کسی دو افسانوں کے نام بتایئے۔

۱۱. انتظار حسین کی پیدائش کب اور کہاں ہوئی تھی؟

۱۲. انتظار حسین کے کسی دو افسانوں کے نام بتایئے۔

۱۳. غلام عباس کا کون سا افسانہ آپ کے نصاب میں شامل ہے؟
۱۴. ڈراما کے کل کتنے اجزائے ترکیبی ہیں؟ کسی دو کے نام بتائیے۔
۱۵. آغا حشر کے کسی دو ڈراموں کے نام بتائیے۔
۱۶. آغا حشر کی پیدائش کب اور کہاں ہوئی؟
۱۷. حبیب تنویر کے کسی دو ڈراموں کے نام بتائیے۔
۱۸. یک بابی ڈراما کی تعریف کیجیے۔
۱۹. آزادی کے بعد کے کسی دو ڈراما نگاروں کے نام بتائیے۔
۲۰. آگرہ بازار کے کسی دو کرداروں کے نام بتائیے۔
۱۲. سفید خون کس ڈرامے کا ترجمہ ہے؟
۲۲. سوا سیر گیہوں کے اصل کردار کا نام بتائیے۔
۲۳. آزادی سے قبل کسی دو ڈراما نگاروں کے نام بتائیے؟
۲۴. پریم چند کی وفات کب اور کہاں ہوئی؟
۲۵. بیدی کے کسی دو ہم عصروں کے نام بتائیے؟
۲۶ . ''گرم کوٹ کس کا افسانہ ہے؟
۲۷ . 'سفید خون'' کیا ہے اور یہ کس کی تخلیق ہے؟
۲۸ . آغا حشر کے کسی دو ہم عصروں کے نام لکھیے۔؟
۲۹ . منگو کوچوان کس کہانی کا کردار ہے؟
۳۰. ''سوا سیر گیہوں'' کا مرکزی کردار کون سا ہے؟
۳۱. منٹو کے دو افسانوں کے نام لکھیے۔
۳۲. ''فینسی ہیئر کٹنگ سیلون'' کس کی تخلیق ہے؟

### 3. تفصیلی جواب والے سوالات:

۱. افسانہ کی تعریف کرتے ہوئے اس کے اجزائے ترکیبی سے بحث کیجیے۔
۲. اردو افسانے کی تاریخ کا اجمالی جائزہ لیجیے۔
۳. آزادی سے قبل اردو افسانے پر ایک نوٹ قلمبند کیجیے۔
۴. آزادی کے بعد اردو افسانے پر ایک نوٹ لکھئے۔

۵. پریم چند کو بحیثیت افسانہ نگار پیش کیجیے۔

۶. سوا سیر گیہوں کی روشنی میں پریم چند کی افسانہ نگاری کا جائزہ لیجیے۔

۷. ''اردو افسانے کا سب سے بیباک نام منٹو ہے''۔اس خیال کی وضاحت کیجیے۔

۸. غلام عباس کو بحیثیت افسانہ نگار پیش کیجیے۔

۹. بیدی کی افسانہ نگاری سے بحث کیجیے۔

۱۰. انتظار حسین اردو افسانے کا ایک اہم نام ہے۔اس خیال کی وضاحت کیجیے۔

۱۱. ڈراما کی تعریف کرتے ہوئے اس کے اجزائے ترکیبی سے بحث کیجیے۔

۱۲. ڈراما کی تعریف کرتے ہوئے ادبی ڈراما اور ریڈیائی ڈراما کے فرق کو واضح کیجیے۔

۱۳. اسٹیج ڈراما اور نکڑ ڈراما کے مابین فرق کی وضاحت کیجیے۔

۱۴. ڈرامے کے لوازمات سے اپنی واقفیت کا اظہار کیجیے۔

۱۵. اردو ڈراما کی تاریخ کا اجمالی جائزہ لیجیے۔

۱۶. آغا حشر کو انڈین شکسپیر کہا جاتا ہے۔مع دلائل بحث کیجیے۔

۱۷. اردو ڈرامہ آزادی سے قبل پر ایک نوٹ لکھئے۔

۱۸. آزادی کے بعد کے ڈرامے کا تفصیلی جائزہ لیجیے۔

۱۹. حبیب تنویر کی ڈراما نگاری سے اپنی واقفیت کا اظہار کیجیے۔

۲۰. آگرہ بازار کی روشنی میں حبیب تنویر کی ڈراما نگاری کا جائزہ لیجیے۔

۲۱. سفید خون کی روشنی میں آغا حشر کاشمیری کی ڈراما نگاری کا جائزہ لیجیے۔

۲۲. ہندوستان سے ایک خط کی روشنی میں انتظار حسین کی افسانہ نگاری کا جائزہ لیجیے۔

۲۳. ''سفید خون'' کا تنقیدی جائزہ لیجیے۔

۲۴. ڈرامے کے لوازمات کیا ہیں، بحث کیجیے۔

۲۵ . انتظار حسین کی افسانہ نگاری کا جائزہ لیجیے۔

۲۶ . ''نیا قانون'' کے حوالے سے منٹو کی افسانہ نگاری کا جائزہ لیجیے۔

۲۷ . افسانہ ''کوارنٹین'' کا تجزیہ پیش کیجیے۔

۲۸. اسٹیج ڈرامے اور ادبی ڈارمے کے فرق کو واضح کیجیے۔

## C C - 07

## (مکاتیب، سوانح اور خاکے)

**1۔ مندرجہ ذیل سوالوں کے جواب دیجیے۔**

1۔ ''دادا صاحب پھالکے ایوارڈ'' کا تعلق کس صنف سے ہے؟

(الف) فلم (ب) ادب (ج) شاعری (د) ان میں سے کوئی نہیں

2۔ ''گنج ہائے گراں مایہ'' کا تعلق کس صنف سے ہے؟

(الف) سوانح (ب) مکتوب (ج) خاکہ (د) ان میں سے کوئی نہیں

3۔ مولانا آزاد کا مزار کس شہر میں ہے؟

(الف) کلکتہ (ب) دہلی (ج) علی گڑھ (د) ان میں سے کوئی نہیں

4۔ غبار خاطر کے خطوط کن کے نام لکھے گئے ہیں؟

(الف) مجروح (ب) سرور (ج) حبیب الرحمٰن شیروانی (د) ان میں سے کوئی نہیں

5۔ اردو کا پہلا سوانح نگار کون ہے؟

(الف) حالی (ب) آزاد (ج) شبلی (د) ان میں سے کوئی نہیں

6۔ ''حیات جاوید'' کس کی سوانح حیات ہے؟

(الف) سرسید (ب) شبلی (ج) آزاد (د) ان میں سے کوئی نہیں

7۔ غالب کس سلسلے میں کلکتہ آئے تھے؟

(الف) سیر و سیاحت (ب) مشاعرہ (ج) علاج (د) ان میں سے کوئی نہیں

8۔ مولانا آزاد کے والد ماجد کا نام ہے؟

(الف) خیرالدین (ب) نصرالدین (ج) فخرالدین (د) ان میں سے کوئی نہیں

9۔ ''حیات سعدی'' کے مصنف کون ہیں؟

(الف) شبلی (ب) حالی (ج) آزاد (د) ان میں سے کوئی نہیں

10۔ رشید احمد صدیقی کا تعلق کس یونیورسٹی سے تھا؟

(الف) دہلی (ب) علی گڑھ (ج) جامعہ ملیہ اسلامیہ (د) ان میں سے کوئی نہیں

**2. درج ذیل سوالات کے مختصر جواب دیجیے:**

(i) غالب کے اردو خطوط کے مجموعوں کے عنوانات سال اشاعت کے ساتھ تحریر کیجیے۔

(ii) مولانا آزاد کی پیدائش کب اور کہاں ہوئی ؟

(iii) " گنجہائے گرانمایہ " کے معنی بتایئے اور اس کا سن اشاعت لکھئے۔

(iv) کس شاعر کو حیوان ظریف کہا گیا ہے؟ کس نے کہا ہے؟

(v) فیض کے اردو خطوط کا مجموعہ کب اور کس عنوان سے شائع ہوا؟

(vi) حالی کی لکھی ہوئی دو سوانح کے عنوانات لکھئے۔

(vii) رشید احمد صدیقی کے خاکوں کے دو مجموعوں کے نام لکھئے۔

(viii) "غبارِ خاطر " کے معنی بتایئے۔ غبار خاطر کے خطوط مولانا آزاد نے کس کے نام لکھے؟

(ix) "اردو میں خاکہ نگاری" اور "اردو نثر کا فنی ارتقا" کے مصنفین کے نام لکھئے۔

(x) رشید احمد صدیقی کے علاوہ دو اہم خاکہ نگاروں کے نام بتایئے۔

(xi) غالب کب اور کس سلسلے میں کلکتہ آئے ؟

(xii) غالب کے دو مکتوب الیہ کے نام لکھئے۔

(xiii) اقبال اور فیض میں کیا باتیں مشترک ہیں؟

(xiv) "حیات جاوید" کو مکمل مدّاحی کس نے قرار دیا؟

(xv) حالی کا پورا نام اور جائے پیدائش لکھئے۔

(xvi) فیض نے خطوط کس زبان میں اور کس کے نام لکھے؟

(xvii) فیض کے خطوط کے مجموعے کا عنوان لکھیے۔

(xviii) کس مکتوب نگار نے مراسلہ کو مکالمہ بنا دیا؟

(xix) رشید احمد صدیقی کہاں کے رہنے والے تھے؟

(xx) مولانا آزاد کی دو کتابوں کے نام تحریر کیجیے۔

(xxi) مرزا نوشہ کسے کہا جاتا ہے؟

(xxii) ''غالب کا سفر کلکتہ'' کس کی کتاب ہے؟

(xxiii) مولوی سید میر حسن سے اقبال کا کیا تعلق تھا؟

(xxiv) ''ہم نفسان رفتہ'' کا خالق کون ہے؟

(xxv) فیض نے کہاں انتقال فرمایا؟

**3. درج ذیل سوالات کے جوابات تحریر کیجیے:**

(1) مکتوب نگاری کے فن سے اپنی واقفیت کا اظہار کرتے ہوئے اردو مکتوب نگاری کے آغاز وارتقا کا حال بیان کیجیے۔

(ii) خطوطِ غالب کی اہم خصوصیات پر تفصیل سے روشنی ڈالئے۔

(iii) "غبارِ خاطر" کی روشنی میں مولانا آزاد کی مکتوب نگاری کا جائزہ لیجیے۔

(iv) فیض کی مکتوب نگاری سے اپنی واقفیت کا اظہار کیجیے۔

(v) شامل نصاب غالب کے خط کا خلاصہ تحریر کیجیے۔

(vi) سوانح نگاری کے فن سے اپنی واقفیت کا اظہار کرتے ہوئے اردو سوانح نگاری کی روایت کا جائزہ لیجیے۔

(vii) "یادگار غالب" کی روشنی میں حالی کی سوانح نگاری کا جائزہ لیجیے۔

(viii) خاکہ نگاری کے فن سے اپنی واقفیت کا اظہار کرتے ہوئے اردو میں خاکہ نگاری کے آغاز وارتقا کا جائزہ لیجیے۔

(ix) رشید احمد صدیقی کو بحیثیت خاکہ نگار پیش کیجیے۔

(x) محمد ایوب عباسی کے تعلق سے رشید احمد صدیقی نے جن خیالات کا اظہار کیا ہے انکی تفصیل پیش کیجیے۔

(xi) سوانح اور خاکہ کا فرق واضح کیجیے۔

(xii) رشید احمد صدیقی کے علاوہ کسی ایک خاکہ نگار کی خاکہ نگاری سے اپنی واقفیت کا اظہار کیجیے۔

(xiii) حالی کے علاوہ کسی ایک سوانح نگار سے اپنی واقفیت کا اظہار کیجیے۔

(xiv) اردو سوانح نگاری میں حالی کا مقام متعین کیجیے۔

(xv) عہد حاضر میں فن مکتوب نگاری کے زوال کے اسباب بیان کیجیے۔

(xvi) حالی کی تصانیف کا اجمالی جائزہ لیجیے۔

(xvii) حالی کے حالات زندگی پر مختصر روشنی ڈالیے۔

(xviii) رشید احمد صدیقی کی ادبی خدمات پر روشنی ڈالیے۔

(xix) اردو میں خاکہ نگاری کی روایت سے بحث کیجیے۔

(xx) اردو مکتوب نگاری کے آغاز وارتقا کا جائزہ لیجیے۔

## SEC - A-1 (2)

**1۔درج ذیل سوالات کے جواب دیجیے۔:**

1۔''امراؤ جان ادا'' کس کا لکھا ہوا ناول ہے؟

(الف) رسوا (ب) امانت (ج) نذیر (د) ان میں سے کوئی نہیں

2۔ان میں سے منٹو کا افسانہ کون سا ہے؟

(الف) گرم کوٹ (ب) ہتک (ج) گرہن (د) ان میں سے کوئی نہیں

3۔ساحرلدھیانوی کا اصل نام ہے؟

(الف) عبدالحئی (ب) اکرام حسین (ج) احتشام حسین (د) ان میں سے کوئی نہیں

4۔شہریار کا تعلق کس یونیورسٹی سے تھا؟

(الف) دہلی (ب) علی گڑھ (ج) حیدرآباد (د) ان میں سے کوئی نہیں

5۔ان میں سے کس شاعر کو گیان پیٹھ ایوارڈ ملا؟

(الف) جذبی (ب) شہریار (ج) مجاز (د) ان میں سے کوئی نہیں

6۔ساحر کی کتاب کا نام ہے؟

(الف) تلخیاں (ب) اداسیاں (ج) نیرنگیاں (د) ان میں سے کوئی نہیں

7۔ ''پرچھائیاں'' شعری مجموعہ ہے؟

(الف) فیض (ب) جوش (ج) مجروح (د) ان میں سے کوئی نہیں

8۔ ان میں سے شہریار کا شعری مجموعہ کون سا ہے؟

(الف) اسم اعظم (ب) سرخ سویرا (ج) نقش فریادی (د) ان میں سے کوئی نہیں

9۔ساحر کس تحریک سے متاثر تھے؟

(الف) سرسید (ب) ترقی پسند (ج) جدیدیت (د) ان میں سے کوئی نہیں

10۔ ہندوستانی فلم کا مرکز کون سا شہر ہے؟

(الف) بمبئی (ب) دلی (ج) کلکتہ (د) ان میں سے کوئی نہیں

**2۔ درج ذیل سوالات کے جواب مختصراً دیجیے:**

1. ہندوستانی فلم کی ابتدا کب اور کس شہر میں ہوئی ؟

2. ہندوستانی فلم کے دو بنیاد گزاروں کے نام بتائیے۔

3. ہندوستانی فلم کا سب سے بڑا ایوارڈ کیا ہے؟ کسی ایک انعام یافتہ کا نام بتائیے۔

4. کسی دو ایسے اردو ناولوں کے نام بتائیے جس پر فلم بن چکی ہے۔

5. کسی دو اردو افسانوں کے نام بتائیے جس پر فلم بن چکی ہے۔

6. مرزا محمد ہادی رسوا کے کسی دو ناولوں کے عنوان بتائیے۔

7. منٹو کے کسی دو افسانوی مجموعوں کے نام بتائیے۔

8. منٹو کے کسی دو افسانوں کے نام بتائیے۔

9. "ہتک" کا تعلق کس صنف ادب سے ہے؟ مصنف کا نام بتائیے۔

10. "امراؤ جان ادا" کا تعلق کس صنف ادب سے ہے؟ مصنف کا نام بتائیے۔

11. "ہندوستانی فلمیں اردو اردو" کے خالق کا نام بتائیے۔ کتاب کی سال اشاعت بتائیے۔

12. "ہمارا سنیما" کس کی کتاب ہے؟ سال اشاعت بتائیے۔

13. شہر یار کا پورا نام لکھیے۔

14. شہر یار کو ادبی خدمات کے لیے کون سا ایوارڈ ملا اور کب؟

15. شہر یار کے کسی دو مجموعہ کلام کا نام بتائیے۔

16. کسی دو ایسی فلموں کے نام بتائیے جس کے لیے شہر یار نے گیت لکھے۔

17. شہر یار کی وفات کب اور کہاں ہوئی ؟

18. "سورج کو نکلتا دیکھوں" کے خالق کا نام بتائیے۔ یہ کیا ہے؟

19. ساحر لدھیانوی کا اصل نام لکھیے۔

20. ساحر لدھیانوی کی کسی دو کتابوں کے نام بتائیے۔

21. دو ایسی فلموں کے نام بتائیے جس کے لیے ساحر نے گیت لکھے۔

22. ساحر لدھیانوی کی پیدائش کب اور کہاں ہوئی ؟

23. کسی دو ایسے اردو ادیبوں کے نام بتائیے جن کے اوپر فلمیں بنائی گئیں۔

24. پہلی خاموش فلم کب اور کس نام سے ریلیز ہوئی ؟

25. پہلی بولتی فلم کا نام بتائیے۔ یہ کب ریلیز ہوئی ؟

26. 'امراؤ جان ادا' کے چار اہم کرداروں کے نام بتائیے۔

27. منٹو کے جن افسانوں پر مقدمے چلے ان میں سے کسی دو کے نام بتائیے۔

28. ہندوستانی فلموں کے دو اہم گیت نگاروں کے نام بتائیے۔

29. ساحر کے دو ہم عصروں کے نام بتائیے۔

30. رسوا کے دو ناولوں کے نام بتائیے۔

31. ساحر کے دو گیتوں کے عنوانات لکھیے۔

32. شہریار کے دو گیتوں کے عنوانات لکھیے۔

33. شہریار کا تعلق کس رجحان یا تحریک سے تھا؟

34. ساحر کے والد کا نام بتائیے۔

35. ہندوستانی فلموں پر لکھی گئی دو کتابوں کے نام لکھیے۔

**3. درج ذیل سوالوں کے جواب مختصراً دیجیے:**

1. افسانہ "ہتک" پر ایک نوٹ لکھیے۔
2. ساحر لدھیانوی کے حالات زندگی پر مختصر روشنی ڈالیے۔
3. ہندوستانی فلم کے موضوعات پر مختصر روشنی ڈالیے۔
4. اپنی پسند کی کسی ایک فلم پر اظہار خیال کیجیے۔
5. اپنی پسند کے کسی ایک اداکار کی اداکاری پر اظہار خیال کیجیے۔
6. اپنی پسند کے کسی ایک ہدایت کار کی ہدایت کاری پر اظہار خیال کیجیے۔
7. اس گیت کی تشریح مع حوالہ کیجیے:

یہ کیا جگہ ہے دوستو یہ کون سا دیار ہے
حد نگاہ تک جہاں غبار ہی غبار ہے
یہ کس مقام پر حیات مجھ کو لے کے آ گئی
نہ بس خوشی پہ ہے جہاں نہ غم پہ اختیار ہے

8. درج ذیل گیت کی تشریح مع حوالہ کیجیے:

جنہیں ناز ہے ہند پہ وہ کہاں ہیں
کہاں ہیں، کہاں ہیں، کہاں ہیں
یہ گمنام راہی، یہ سکّوں کی جھنکار
یہ عصمت کے سودے یہ سودوں پہ تکرار

جنہیں ناز ہے ہند پہ وہ کہاں ہیں

9۔شہریار کی ادبی خدمات کا جائزہ لیجیے۔

10۔منٹو کی تخلیقات کا ایک مختصر خاکہ پیش کیجیے۔

**4. درج ذیل سوالات کے جواب دیجیے:**

1. ہندوستانی فلم کے آغاز وارتقا پر تفصیلی روشنی ڈالیے۔
2. ادب اور فلم کے رشتے کی وضاحت مدلل انداز میں کیجیے۔
3. ہندوستانی فلم اور اردو شاعری کے عنوان سے ایک مضمون قلمبند کیجیے۔
4. ہندوستانی فلم اور اردو ناول کے موضوع پر ایک مضمون تحریر کیجیے۔
5. ہندوستانی فلم اور اردو افسانہ کے رشتے کی وضاحت مدلل انداز میں کیجیے۔
6. ہندوستانی فلم کے موضوعات پر روشنی ڈالیے۔
7. ہندوستانی فلم کے مسائل اور امکانات پر روشنی ڈالیے۔
8. ہندوستانی سماج پر فلم نے کیا اثرات مرتب کیے۔ مدلل بحث کیجیے۔
9. فلم اسکرپٹ نویسی کے فنی تقاضے پر تفصیلی روشنی ڈالیے۔
10. ساحر لدھیانوی کو بحیثیت گیت کار پیش کیجیے۔
11. شہریار کو بحیثیت گیت کار پیش کیجیے۔
12. افسانہ "ہتک" کا تنقیدی جائزہ لیجیے۔
13. "امراؤ جان ادا" کا تنقیدی جائزہ پیش کیجیے۔
14. شہریار کے حالات زندگی بیان کیجیے۔
15. ''امراؤ جان ادا'' کے دو اہم کرداروں پر نوٹ لکھیے ۔

# 4th Semester

## C C - 08

**1. درج ذیل سوالوں کے جواب تحریر کیجیے:**

ا. انشائیہ کی تعریف کیجیے۔

۲. کسی دو انشا پرداز کے نام بتائیے۔

۳. انشائیے کے ابتدائی نقوش کس کی تحریروں میں ملتے ہیں؟

۴. مجتبیٰ حسین کا کون سا انشائیہ آپ کے نصاب میں شامل ہے؟

۵. مقالہ اور انشائیہ کا فرق واضح کیجیے۔

۶. مقالہ کی تعریف کیجیے۔

۷. مقالہ "تعصب" کے خالق کا نام بتائیے۔

۸. بے تکلفی، شگفتگی اور شخصی انکشاف کس صنف نثر کی خصوصیات ہیں؟

۹. مجتبیٰ حسین کی پیدائش کب اور کہاں ہوئی؟

۱۰. "برف کی الماری" کے خالق کون ہیں؟

۱۱. مجتبیٰ حسین کی ابتدائی تعلیم کہاں ہوئی؟

۱۲. مجتبیٰ حسین کا تعلق کس صنف ادب سے ہے؟

۱۳. "تکلف برطرف" کی اشاعت کب ہوئی؟ اور اس کا تعلق کس صنف ادب سے ہے؟

۱۴. "قطع کلام" کا تعلق کس صنف ادب سے ہے اور اس کے خالق کون ہیں؟

۱۵. اردو کا پہلا اخبار کب اور کہاں سے شائع ہوا؟

۱۶. اردو کے پہلے اخبار کے مدیر کا نام بتائیے۔

۱۷. ابوالکلام آزاد نے الہلال کب اور کہاں سے نکالا تھا؟

۱۸. ابوالکلام آزاد کا پورا نام بتائیے۔

۱۹. ابوالکلام آزاد کے والد کا نام بتائیے۔

۲۰. مجتبیٰ حسین کے والد کا نام بتائیے۔

۲۱. مولانا عبدالرزاق ملیح آبادی کا تعلق کس صنف ادب سے تھا؟

۲۲. مولانا عبدالرزاق ملیح آبادی کلکتہ سے کون سا اخبار نکالا کرتے تھے؟

۲۴. مولانا آزاد کے علاوہ کسی دو صحافی کے نام بتائیے۔

۲۵. سرسید کا تعلق کس تحریک سے تھا؟

۲۶. کالم نویسی کی تعریف کیجیے۔

۲۷. خبرنامہ کسے کہتے ہیں؟

۲۸. سرسید کے کسی دو رفقا کے نام بتائیے۔

۲۹. مولانا عبدالرزاق ملیح آبادی کی پیدائش کب اور کہاں ہوئی تھی؟

۳۰. مولانا عبدالرزاق ملیح آبادی کی پہلی ملاقات مولانا آزاد سے کہاں ہوئی تھی؟

## 2. درج ذیل سوالوں کے جواب تحریر کیجیے:

۱. انشائیہ کی تعریف کرتے ہوئے اس کے مفہوم سے واقفیت کا اظہار کیجیے۔

۲. انشائیہ کی بنیادی خصوصیات بیان کیجیے۔

۳. نثری اصناف کا ذکر کرتے ہوئے انشائیہ کی اہمیت پر روشنی ڈالیے۔

۴. انشائیہ اور مقالہ کی تعریف کرتے ہوئے دونوں کے فرق کو واضح کیجیے۔

۵. مقالہ کسے کہتے ہیں؟ اس کے لوزامات کون سے ہیں؟

۶. اردو میں انشائیہ نگاری کی روایت سے بحث کیجیے۔

۷. اردو کے اہم انشائیہ نگاروں کا عمومی جائزہ لیجئے۔

۸. مجتبیٰ حسین کو بحثیت انشائیہ نگار پیش کیجیے۔

۹. برف کی الماری کی روشنی میں مجتبیٰ حسین کی انشائیہ نگاری کا جائزہ لیجئے۔

۱۰. اردو میں مقالہ نگاری کی روایت سے بحث کیجیے۔

۱۱. اردو کے اہم مقالہ نگاروں کا عمومی جائزہ لیجئے۔

۱۲. سرسید کی مقالہ نگاری سے اپنی واقفیت کا اظہار کیجیے۔

۱۳. مقالہ "تعصب" کا خلاصہ لکھئے۔

۱۴. اردو مقالہ نگاروں میں سرسید کا مقام متعین کیجیے۔

۱۵. اردو صحافت کے آغاز وارتقا سے بحث کیجیے۔

۱۶. کالم نگاری اور رپورٹ نگاری کے مابین فرق کو واضح کیجیے۔

۱۷. مولانا آزاد کو بحثیت صحافی پیش کیجیے۔

۱۸. ایک صحافی کی کیا کیا ذمہ داریاں ہیں؟ بحث کیجیے۔

۱۹. عبدالرزاق ملیح آبادی کو بحثیت صحافی پیش کیجیے۔

۲۰. اردو صحافت کی تاریخ پر ایک مضمون قلمبند کیجیے۔

**C C - 09**

**1. درج ذیل سوالات کے مختصر جواب دیجئے:**

(i) وحشت کا اصل نام اور جائے وفات تحریر کیجئے۔

(ii) دو ترقی پسند غزل گویوں کے نام بتائیے۔

(iii) فراق کا پورا نام اور جائے پیدائش تحریر کیجئے۔

(iv) فیض کا دوسرا شعری مجموعہ کب شائع ہوا؟

(v) ناصر کاظمی کے دو شعری مجموعوں کے نام لکھئے۔

(vi) عرفان صدیقی کی پیدائش کب اور کہاں ہوئی؟

(vii) غزل اور متغزلین، اور نساخ سے وحشت تک، کے مصنفین کے نام لکھئے۔

(viii) اقبال کے چار شعری مجموعوں کے عنوانات سال اشاعت کے ساتھ لکھئے۔

(ix) یگانہ کا اصل نام اور انکے ایک شعری مجموعے کا عنوان لکھئے۔

(x) دبستان رام پور کے دو اہم شاعروں کے نام بتائیے

(xi) شہر یار کا اصل نام اور انکے ایک شعری مجموعے کا عنوان لکھئے۔

(xii) پرویز شاہدی کے دو شعری مجموعوں کے عنوانات سال اشاعت کے ساتھ لکھئے۔

(xiii) "میں اکیلا ہی چلا تھا جانب منزل مگر"..... شعر مکمل کیجئے اور شاعر کا نام لکھئے۔

(xiv) جدید غزل گویوں میں سے کسی دو کے نام لکھئے۔

(xv) غزل کو نیم وحشی صنف سخن کس ناقد نے کہا؟

(xvi) جدیدیت کی تعریف کیجئے۔

(xvii) ترقی پسند تحریک کی پہلی کل ہند کانفرنس کب اور کہاں منعقد ہوئی؟

**2. درج ذیل سوالات کے جواب تحریر کیجیے:**

(i) ۱۸۵۷ء کے بعد اردو غزل کے مزاج میں رونما ہونے والی تبدیلیوں کا جائزہ لیجئے۔

(ii) اردو غزل پر ترقی پسند تحریک نے جو اثرات مرتب کئے انکا جائزہ لیجئے۔

(iii) ۱۹۶۰ء کے بعد کی جدید غزلیہ شاعری کا تنقیدی جائزہ لیجئے۔

(iv) اقبال کی غزل گوئی سے اپنی واقفیت کا اظہار کیجئے۔

(v) وحشتؔ اور تقلید غالبؔ پر مضمون قلمبند کیجئے۔

(vi) فراقؔ کی غزل گوئی کے امتیازات واضح کیجئے۔

(vii) ۱۹۸۰ء کے بعد کی غزل گوئی میں عرفان صدیقی کی انفرادیت واضح کیجئے۔

(viii) فیضؔ ترقی پسندوں میں ممتاز کیوں ہیں؟ انکی غزلوں کے حوالے سے بحث کیجئے۔

(ix) جدید اردو غزل میں ناصر کاظمی کا مقام متعین کیجئے۔

(x) داغؔ یا میرؔ کی غزل گوئی سے اپنی واقفیت کا اظہار کیجئے۔

**3. درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے:**

(i) یوں کس طرح کٹے گا کڑی دھوپ کا سفر
سر پر خیال یار کی چادر ہی لے چلیں

(ii) کچھ سمجھ کر ہی ہوا ہوں موج دریا کا حریف
ورنہ میں بھی جانتا ہوں عافیت ساحل میں ہے

(iii) سب ترے سوا کافر آخر اس کا مطلب کیا
سر پھرا دے انساں کا ایسا خبطِ مذہب کیا

(iv) امید حور نے سب کچھ سکھا رکھا ہے واعظ کو
یہ حضرت دیکھنے میں سیدھے سادے بھولے بھالے ہیں

(v) یوں بھی کچھ عشق نیک نام نہ تھا
لوگ بدنام اس کو کر بھی گئے

(vi) مرے چارہ گر کو نوید ہو صف دشمناں کو خبر کرو
جو وہ قرض رکھتے تھے جان پر وہ حساب آج چکا دیا

(vii) بندگی و صاحبی اصل میں دونوں ایک ہیں
جس کا غلام ایاز ہے وہ ہے غلام ایاز کا

## C C - 10

**1. مندرجہ ذیل سوالات کے جواب دیجئے:**

(1) نقش فریادی کس کا شعری مجموعہ ہے اور یہ کب شائع ہوا؟

(2) محمد علوی کی کسی ایک نظم کا عنوان لکھئے۔

(3) اختر الایمان کی جائے پیدائش و جائے وفات لکھئے۔

(4) کسی دو ترقی پسند شعراء کے نام بتایئے۔

(5) "رقص حیات" کس کا شعری مجموعہ کلام ہے۔

(6) "ادھر نہ دیکھو" اور "موضوع سخن" کس کی نظمیں ہیں۔

(7) " گرداب" کس کا مجموعہ کلام ہے؟

(8) پرویز شاہدی کا تعلق کس تحریک سے تھا؟

(9) " کلرک کا نغمۂ محبت" کس شاعر کی تخلیق ہے؟

(10) "دست صبا" اور "زندان نامہ" کیا ہیں؟

(11) "لفظوں کا پل" کس کی تخلیق ہے اور اس کا تعلق کس صنف ادب سے ہے؟

(12) اختر الایمان کی کسی دو نظموں کے عنوان لکھئے۔

(13) نظم "بے چہرگی" کے خالق کون ہیں؟

(14) فیض کے کس شعری مجموعے کا مقدمہ ن۔م۔راشد نے لکھا ہے؟

(15) چوتھا آسمان اور خالی مکان کا تعلق کس صنف ادب سے ہے؟

(16) میراجی کا اصل نام کیا ہے؟

(17) محمد علوی کی کسی ایک نظم کا عنوان لکھئے۔

(18) "مشرق و مغرب کے نغمے" کس کی تخلیق ہے؟

(19) " گیت ہی گیت" کیا ہے؟

(20) فیض کی وفات کب اور کہاں ہوئی؟

(21) میراجی کب اور کہاں پیدا ہوئے؟

(22) کس شاعر نے اپنی خیالی محبوبہ میرا سین کے نام پر اپنا نام رکھا تھا؟

(23) "اس نظم میں" کے خالق کون ہیں؟

(24) میراجی کی وفات کب ہوئی؟

(25) فیض اور پطرس بخاری کے درمیان کیا رشتہ تھا؟

(26) فیض کے مجموعہء مضامین کا کیا نام ہے؟

(27) نسخہ ہائے وفا کیا ہے؟

(28) "جن کے گھر شیشے کے ہوں وہ دوسروں پر پتھر نہیں پھینکتے" یہ کس شاعر کا قول ہے؟

(29) "اس آباد خرابے میں" کس شاعر کی خودنوشت ہے؟

(30) پرویز شاہدی کا اصل نام کیا تھا؟

(31) "تثلیث حیات" کس شاعر کا مجموعہ ہے؟

(32) پرویز شاہدی 1958 سے 1968 تک کس یونیورسٹی سے منسلک رہے؟

(33) "ان پڑھ آندھی گھس پڑتی ہے توڑ کے پھاٹک محلوں کے" کس شاعر کا مشہور مصرعہ ہے؟

(34) "آخری دن کی تلاش" کس کی کتاب ہے؟

(35) ن۔م۔راشد کا پورا نام کیا تھا؟

(36) "ماورا" کس شاعر کا پہلا شعری مجموعہ ہے؟

(37) نذر محمد راشد کے دو شعری مجموعوں کے کا نام بتایئے؟

(38) حلقہ اربابِ ذوق سے منسلک کسی دو شاعروں کے نام لکھئے۔

(39) "دیارِ شرق کی آبادیوں کے اونچے ٹیلوں پر" کس شاعر کی نظم کا پہلا مصرعہ ہے؟

(40) "مورناچ" کیا ہے اور کس صنف ادب سے اس کا تعلق ہے؟

**2. درج ذیل سوالات کے جواب دیجیے:**

(1) ترقی پسند شعراء کا اجمالی جائزہ لیجئے۔

(2) حلقہ ارباب ذوق کے متعلق اپنے خیالات کا اظہار کیجئے

(3) مخدوم محی الدین کی شاعرانہ خوبیوں کی نشاندہی کیجئے۔

(4) اختر الایمان کو بحیثیت نظم گو پیش کیجئے۔

(5) میراجی کی نظم نگاری کا جائزہ لیجئے۔

(6) ترقی پسند تحریک کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں لکھئے۔

**3. درج ذیل سوالات کے جواب دیجیے:**

(1) فیضؔ کی نظم "ادھر نہ دیکھو" کا تنقیدی جائزہ لیجیے۔

(2) محمد علویؔ کو بحیثیت نظم نگار پیش کیجیے۔

(3) میرا جؔی کے متعلق آپ کیا جانتے ہیں لکھیے۔

(4) جدید نظم گو شعراء کا عمومی جائزہ لیجیے۔

(5) ن۔م۔راشدؔ کی نظم "اندھا کباڑی" کا تنقیدی جائزہ پیش کیجیے۔

(6) "بے چہرگی" کے حوالے سے پرویزؔ شاہدی کی نظم نگاری کا جائزہ لیجیے۔

(7) ندؔا فاضلی کی شاعرانہ خوبیوں کی نشاندہی کیجیے۔

(8) نظم ''کون'' کے حوالے سے محمد علوی کی نظم نگاری کا جائزہ لیجیے۔

(9) پرویز شاہدی کو بحیثیت نظم نگار پیش کیجیے۔

(10) ترقی پسند فکر اور اردو نظم کے حوالے سے اپنے خیالات کا اظہار کیجیے۔

(11) نظم "ادھر نہ دیکھو" کا تنقیدی جائزہ لیجیے۔

(12) نظم "ایک لڑکا" کے حوالے سے اختر الایمان کی نظم نگاری کا جائزہ لیجیے۔

# 5th Semester

## C C - 11

**۱۔مندرجہ ذیل سوالوں کے جواب دیجیے۔**

۱۔ایہام گوشعرا میں کس کا شمار ہوتا ہے؟

(الف) آبرو (ب)آتش (ج) ناسخ (د) ان میں سے کوئی نہیں

۲۔ایہام گوئی کے خلاف کس نے تحریک چلائی؟

(الف) آبرو (ب) یک رنگ (ج) مظہر جان جاناں (د) ان میں سے کوئی نہیں

۳۔ناسخ کا پورا نام کیا تھا؟

(الف) شیخ امام بخش (ب) حیدر علی (ج) انعام اللہ خاں (د) ان میں سے کوئی نہیں

۴۔برہمو سماج کے بانی تھے؟

(الف) سرسید (ب) راجہ رام موہن رائے (ج) دیانند سرسوتی (د) ان میں سے کوئی نہیں

۵۔علی گڑھ تحریک کے روح رواں تھے؟

(الف) سرسید احمد خاں (ب) سید احمد بریلوی (ج) شاہ ولی اللہ (د) ان میں سے کوئی نہیں

۶۔''آثار الصنادید'' کے مصنف ہیں؟

(الف) اکبر (ب) سرسید (ج) شبلی (د) حالی

۷۔''ترقی پسند ادب'' کے خالق ہیں؟

(الف) محمد حسن (ب) عزیز احمد (ج) شمیم حنفی (د) ان میں سے کوئی نہیں

۸۔''اردو ادب کی تحریکیں'' کے مصنف کون ہیں؟

(الف) خلیل الرحمٰن اعظمی (ب) میراجی (ج) انور سدید (د) رشید احمد صدیقی

۹۔حلقہ ارباب ذوق سے منسلک تھے؟

(الف) میراجی (ب) منٹو (ج) بیدی (د) ان میں سے کوئی نہیں

۱۰۔ترقی پسند تحریک کے روح رواں تھے؟

(الف) سجاد ظہیر (ب) فیض (ج) اختر الایمان (د) جذبی

۲۔مندرجہ ذیل سوالات کے جواب دیجیے:

1. ایہام سے کیا مراد ہے؟
2. ایہام کو جن شعرانے فراوانی سے استعمال کیا ان میں سے کسی دو کے نام لکھیے؟
3. ولی کی شاعری سے ایہام کی مثال پیش کیجیے۔
4. آبرو، مضمون اور یک رنگ کا شمار کن شعرا میں ہوتا ہے؟
5. مرزا مظہر جان جاناں کا تعلق کس سلسلے سے تھا؟ ان کا کوئی شعر لکھیے۔
6. تحریک ایہام کے ردعمل میں جن شعرانے خدمات انجام دیں ان میں سے کسی ایک کا نام بتایئے اور شعر لکھیے؟
7. انعام اللہ خان یقین کس کے شاگرد تھے؟
8. اصلاح زبان کی تحریک میں کس شاعر کو اولیت حاصل ہے؟
9. آتش و ناسخ کا ذکر کس تحریک کے حوالے سے ہوتا ہے؟
10. آتش کا پورا نام لکھیے اور کوئی شعر قلم بند کیجیے۔
11. تحریک سید احمد بریلوی کے علمبردار کون تھے؟
12. شاہ ولی اللہ کا نام کس تحریک کے حوالے سے لیا جاتا ہے؟
13. برہمو سماج کے بانی کون تھے؟
14. ''مراۃ الاخبار'' کس کا کارنامہ ہے؟
15. دیانند سرسوتی کو کس تحریک کے حوالے سے یاد کیا جاتا ہے؟
16. سرسید کی پیدائش کب اور کہاں ہوئی؟
17. علی گڑھ تحریک کے روح رواں کون تھے؟
18. " آثار الصنادید" کس کی کتاب ہے اور یہ کب شائع ہوئی؟
19. "اسباب بغاوت ہند" کیا ہے؟
20. سرسید نے سائنٹفک سوسائٹی کی بنیاد کب رکھی؟
21. "دی علی گڑھ انسٹی ٹیوٹ گزٹ" کس نے اور کب نکالا؟
22. سرسید نے کب انگلستان کا سفر کیا اور کب ہندوستان واپس ہوئے؟
23. خطبات احمدیہ کس کی تصنیف ہے اور یہ کب شائع ہوئی؟
24. سرسید کو کب "کے سی ایس آئی" کا خطاب ملا اور اس کا فل فارم کیا ہے؟
25. ترقی پسند تحریک کی پہلی کانفرنس کب اور کہاں ہوئی؟

26. ترقی پسند تحریک کے پہلے اجلاس کی صدارت کس نے کی؟

27. کسی دو ترقی پسند ناقدین کے نام بتائیے۔

28. حلقہ ارباب ذوق سے منسلک دو شاعروں کے نام بتائیے۔

29. میرا جی کا تعلق کس ادبی تحریک سے تھا؟

30. کسی دو رومانی شاعروں کے نام بتائیے۔

31. اردو میں جدیدیت کا آغاز کب ہوا؟

32. کسی دو جدید افسانہ نگاروں کے نام بتائیے۔

33. جدیدیت سے تعلق رکھنے والے کسی ایک ناقد کا نام بتائیے نیز ان کی کتاب کا نام لکھئے۔

34. شمس الرحمٰن فاروقی کی دو کتابوں کے نام بتائیے۔

35. 'اردو ادب کی تحریکیں' کیا ہے اور اس کے مصنف کون ہیں؟

36.. حلقہ ارباب ذوق کے دو بنیاد گزاروں کے نام بتائیے۔

37. کسی دو رومانی نثر نگاروں کے نام لکھیے۔

38. سر سید کے چار مقالوں کے عنوانات لکھیے۔

39. کسی دو جدید شاعروں کے نام بتائیے۔

40. کسی دو ترقی پسند افسانہ نگاروں کے نام بتائیے۔

**3. مندرجہ ذیل سوالات کے جواب دیجیے:**

1. اردو میں ادبی تحریکات کی روایت پر تفصیلی روشنی ڈالیے۔

2. ایہام گوئی کے مفہوم کو واضح کرتے ہوئے شاعری پر اس کے اثرات کا جائزہ لیجیے۔

3. ایہام گوئی کی مخالفت میں آتش و ناسخ کا حصہ پر ایک نوٹ لکھئے۔

4. سر سید احمد خان کی علمی خدمات کا جائزہ لیجیے۔

5. علی گڑھ تحریک نے اردو ادب پر کیا اثرات مرتب کیے بیان کیجیے۔

6. سائنٹفک سوسائٹی کے حوالے سے اپنی معلومات کا اظہار کیجیے۔

7. رومانی تحریک کے پس منظر اور اس کے ارتقا سے متعلق اپنی معلومات کا اظہار کیجیے۔

8. رومانی تحریک نے اردو نظم پر کیا اثرات مرتب کیے لکھئے۔

9. رومانی تحریک نے اردو نثر پر کیا اثرات مرتب کیے لکھئے۔

10. ترقی پسند تحریک کے پس منظر کے حوالے سے اپنی معلومات کا اظہار کیجیے۔
11. ترقی پسند تحریک نے اردو ادب پر کیا اثرات مرتب کیے، لکھئے۔
12. کسی ایک ترقی پسند شاعر وادیب کی ادبی خدمات کا اجمالی جائزہ لیجیے۔
13. ترقی پسند تحریک کے مقاصد پر روشنی ڈالیے۔
14. حلقہ اربابِ ذوق کے متعلق آپ کیا جانتے ہیں لکھئے۔
15. حلقہ اربابِ ذوق سے منسلک کسی دو شاعروں کی ادبی خدمات کا اجمالی جائزہ لیجیے۔
16. ادب میں نئے تجربات کو فروغ دینے میں حلقہ اربابِ ذوق نے جو خدمات انجام دیں اس کا اظہار کیجیے۔
17. جدیدیت کے مفہوم کو اجاگر کرتے ہوئے اس کے آغاز وارتقا سے متعلق اپنی معلومات کا اظہار کیجیے۔
18. جدیدیت سے تعلق رکھنے والی کسی ایک شخصیت کی ادبی خدمات کا جائزہ لیجیے۔
19. فلسفہ تانیثیت نے اردو ادب پر کیا اثرات مرتب کیے بیان کیجیے۔
20. ترقی پسند تحریک نے اردو افسانے پر کیا اثرات مرتب کیے؟
21. سرسید کی علمی نثر سے اپنی واقفیت کا اظہار کیجیے۔
22. ترقی پسند تحریک کے اغراض ومقاصد پر روشنی ڈالیے۔
23. کسی ایک ترقی پسند شاعر کی نظم نگاری کا جائزہ لیجیے۔
24. جدیدیت کی تعریف کرتے ہوئے اردو ادب میں اس کے ارتقا کا جائزہ لیجیے۔
25. تانیثیت سے اپنی واقفیت کا اظہار کیجیے۔

## C C - 12

**1۔مندرجہ ذیل سوالوں کے جواب دیجیے۔**

1۔حالی کس کے شاگرد تھے؟

(الف) اکبر (ب) سرسید (ج) شبلی (د) ان میں سے کوئی نہیں

2۔''آب حیات'' کا تعلق صنف سے ہے؟

(الف) تاریخ (ب) شاعری (ج) تذکرہ (د) ان میں سے کوئی نہیں



3۔''آب حیات'' کل کتنے ادوار پر مشتمل ہے؟

(الف) ۴ (ب) ۵ (ج) ۶ (د) ان میں سے کوئی نہیں

4۔مجنوں گورکھپوری کا اصل نام ہے؟

(الف) احمد صدیق (ب)قربان علی (ج) محمد سالک (د) ان میں سے کوئی نہیں

5۔شبلی کا تعلق کس دبستان تنقید سے ہے؟

(الف) تاثراتی (ب)جمالیاتی (ج) مارکسی (د) ان میں سے کوئی نہیں

6۔کلیم الدین احمد کا تعلق کس ریاست سے تھے؟

(الف) یوپی (ب)بہار (ج) پنجاب (د) ان میں سے کوئی نہیں

7۔''نکات الشعرا'' کے مصنف ہیں؟

(الف) سودا (ب) میر (ج) مصحفی (د) ان میں سے کوئی نہیں

8۔ترقی پسند ناقد ہیں؟

(الف) حالی (ب) شبلی (ج) احتشام حسین (د) ان میں سے کوئی نہیں

9۔شبلی کی تصنیف ہے؟

(الف) مقدمہ شعروشاعری (ب)شعرالعجم (ج) ادب اور زندگی (د) ان میں سے کوئی نہیں

10۔آل احمد سرور کا تعلق کس یونیورسٹی سے تھا؟

(الف) علی گڑھ (ب)دلی (ج) عثمانیہ (د) ان میں سے کوئی نہیں

## 2. مختصر سوالوں کے جواب دیجیے:

١. مقدمہ شعروشاعری کی اشاعت کب ہوئی؟

٢. مقدمہ شعروشاعری کے خالق کا نام بتایئے۔

٣. اردو کے پہلے ناقد کا نام بتایئے۔

۴. آب حیات کا سن اشاعت بتایئے۔

۵. آب حیات کے خالق کون ہیں؟

٦. تذکرہ کی تعریف کیجیے۔

٧. تنقید کی تعریف کیجیے۔

٨. "عملی تنقید" کے مصنف کا نام بتایئے۔

۹. اردو تنقید کے کسی دو دبستانوں کے نام بتائیے۔

۱۰. مجنوں گورکھپوری کا اصل نام بتائیے اور یہ بھی بتائیے کہ انہوں نے کس یونیورسٹی سے ایم۔اے کی ڈگری حاصل کی تھی۔

۱۱. مجنوں گورکھپوری کا تعلق کس دبستان سے ہے؟

۱۲. تاثراتی تنقید کے کسی دو ناقد کے نام بتائیے۔

۱۳. احتشام حسین کا تعلق کس دبستان تنقید سے ہے؟

۱۴. کلیم الدین احمد کے کسی دو اساتذہ کے نام بتائیے۔

۱۵. آل احمد سرور کا تعلق کس دبستان تنقید سے ہے؟

۱۶. حالی کی پیدائش کب اور کہاں ہوئی تھی؟

۱۷. مجنوں گورکھپوری کا انتقال کہاں اور کب ہوا تھا؟

۱۸. جمالیاتی تنقید کے کسی دو مبلغ کے نام بتائیے۔

۱۹. "غزل نیم وحشی صنف شاعری ہے" کس کا قول ہے اور کس کتاب میں ہے؟

۲۰. کلیم الدین احمد کس یونیورسٹی سے وابستہ تھے؟

۲۱. شاعری کے لئے کیا کیا شرائط ہیں۔ بتائیے۔

۲۲. تنقید کیا ہے۔ کے مصنف کا نام بتائیے۔

۲۳. "تنقیدی افکار" کے مصنف کا نام بتائیے۔

۲۴. اردو کا پہلا تذکرہ کون سا ہے اور کب شائع ہوا؟

۲۵. مارکسی تنقید کے کسی دو ناقد کے نام بتائیے۔

۲۶۔ تذکرہ کی تعریف کیجیے۔

۲۷۔ کلیم الدین احمد کی دو تنقیدی کتابوں کے نام لکھیے۔

۲۸۔ دو جمالیاتی ناقد کے نام بتائیے۔

۲۹۔ ادب کی تعریف کیجیے۔

۳۰۔ تنقید کے دو کام بتائیے۔

**3۔ درج ذیل سوالوں کے جواب دیجیے:**

۱. ادب اور سماج کے باہمی رشتے کی وضاحت کیجیے۔

۲. ادب کی تعریف کرتے ہوئے اس کے بنیادی موضوعات سے بحث کیجیے۔
۳. تنقید کی تعریف کرتے ہوئے اس کی اہمیت وافادیت سے اپنی واقفیت کا اظہار کیجیے۔
۴. تنقید کے مختلف طریقہء کار سے اپنی واقفیت کا اظہار کیجیے۔
۵. تذکروں کی تنقیدی اہمیت کیا ہے۔ بحث کیجیے۔
۶. ادب اور تنقید کے باہمی رشتے پر سیر حاصل گفتگو کیجیے۔
۷. تاثراتی تنقید سے آپ کیا سمجھتے ہیں۔ بحث کیجیے۔
۸. جمالیاتی تنقید سے اپنی واقفیت کا اظہار کیجیے۔
۹. ترقی پسند تنقید اور مارکسی تنقید کے مابین فرق کو واضح کیجیے۔
۱۰. مقدمہ شعروشاعری کی روشنی میں الطاف حسین حالی کی تنقیدی بصیرت کو اجاگر کیجیے۔
۱۱. آل احمد سرور کے تنقیدی نظریے کی وضاحت کیجیے۔
۱۲. مجنوں گورکھپوری اردو تنقید کا ایک اہم نام ہے۔اس خیال کی وضاحت مع دلائل کیجیے۔
۱۳. احتشام حسین نے اردو تنقید کو ایک نیا رخ دیا ہے۔ بحث کیجیے۔
۱۴. احتشام حسین کی تنقیدی بصیرت سے اپنی واقفیت کا اظہار کیجیے۔
۱۵. کلیم الدین احمد کو بحیثیت ناقد پیش کیجیے۔
۱۶. تنقید کیا ہے؟ کی روشنی میں آل احمد سرور کی تنقیدی صلاحیتوں کو احاطہ تحریر میں لائے۔
۱۷. "یہ اقلیدس کا خیالی نقطہ ہے یا معشوق کی موہوم کمر"
مذکورہ خیال کی روشنی میں کلیم الدین احمد کی تنقیدی بصیرت کو اجاگر کیجیے۔
۱۸. عملی تنقید کے مختلف رویوں پر سیر حاصل گفتگو کیجیے۔
۱۹. جدید تنقیدی رویے پر گفتگو کیجیے۔
۲۰. ادب کا رشتہ انسانی زندگی سے کیا ہے؟ مع دلائل بحث کیجیے۔
۲۱. اردو میں تذکرہ نگاری سے بحث کیجیے۔
۲۲. اردو تنقید کے آغاز وارتقا کا جائزہ لیجیے۔
۲۳. کسی ایک جدید ناقد سے اپنی واقفیت کا اظہار کیجیے۔
۲۴ . نفسیاتی تنقید پر نوٹ لکھیے۔
۲۵ . شبلی کے تنقیدی نظریات سے اپنی واقفیت کا اظہار کیجیے۔

## *DSE-A-(2)*

## (Iqbal)

**1۔مندرجہ ذیل سوالوں کے جواب دیجیے۔**

1۔اقبال کی پہلی نظم ہے؟

(الف) ہمالہ (ب) جگنو (ج) نیاشوالہ (د) ان میں سے کوئی نہیں

2۔''ارمغان حجاز'' کب شایع ہوا؟

(الف) 1924 (ب) 1935 (ج) 1938 (د) ان میں سے کوئی نہیں

3۔اقبال کس فارسی مفکر شاعر سے متاثر تھے؟

(الف) رومی (ب)سعدی (ج) حافظ (د) ان میں سے کوئی نہیں

4۔کس مغربی مفکر سے متاثر تھے؟

(الف) نطشے (ب) ڈیوڈ براؤن (ج) ہنری جیمس (د) ان میں سے کوئی نہیں

5۔اقبال کے ہمعصر تھے؟

(الف) چکبست (ب)حالی (ج) شبلی (د) ان میں سے کوئی نہیں

6۔''فکر اقبال'' کے مصنف ہیں؟

(الف) خلیفہ عبدالحکیم (ب) غلام رسول مہر (ج) گیان چند (د) ان میں سے کوئی نہیں

07۔اقبال یورپ کے سفر پر کب روانہ ہوئے؟

(الف) 1905 (ب)1906 (ج) 1907 (د) ان میں سے کوئی نہیں

8۔میونخ یونیورسٹی کس ملک میں ہے؟

(الف) انگلینڈ (ب)فرانس (ج) جرمنی (د) ان میں سے کوئی نہیں

9۔اقبال کا مزار کس شہر میں ہے؟

(الف) سیالکوٹ (ب) لاہور (ج) کراچی (د) ان میں سے کوئی نہیں

10۔اقبال کو''سر'' کا خطاب کب ملا؟

(الف) 1923 (ب)1925 (ج) 1926 (د) ان میں سے کوئی نہیں

**2۔ درج ذیل سوالات کے مختصر جواب دیجیے:**

(۱) اقبال کی پیدائش کب اور کہاں ہوئی تھی؟

(۲) اقبال کے چار شعری مجموعوں کے نام بتائیے۔

(۳) "بانگ درا" کا سنِ اشاعت بتائیے۔

(۴) اقبال کی شاعری کے کتنے ادوار ہیں؟

(۵) اقبال کا کوئی شعر لکھئے جس سے ان کا وطنی تصور واضح ہو؟

(۶) اقبال کے تصورات میں سے کسی دو کے نام تحریر کیجیے۔

(۷) اقبال کا کوئی شعر لکھئے جس میں شاہین کا تصور سامنے آئے۔

(۸) اقبال کے کسی دو ہم عصر شاعروں کے نام تحریر کیجیے۔

(۹) "ترے عشق کی انتہا چاہتا ہوں" .....شعر مکمل کیجیے۔

(۱۰) اقبال کن فارسی شعرا سے متاثر تھے؟ کسی دو کے نام بتائیے۔

(۱۱) اقبال کی نظم "جواب شکوہ" ان کے کس مجموعے میں شامل ہے؟

(۱۲) اقبال کی ذہنی وفکری نشو ونما میں کن شاعروں کا حصہ ہے؟ دو کے نام تحریر کیجیے۔

(۱۳) اقبال کی کسی دو نظموں کے عنوانات بتائیے جو قومی یکجہتی کے حوالے سے ہو؟

(۱۴) اقبال کے اس مجموعے کا نام بتائیے جس میں فارسی اور اردو دونوں کلام شامل ہیں؟

(۱۵) اقبال نے پی ایچ ڈی کس یونیورسٹی سے کیا تھا؟

(۱۶) اقبال کو کس موضوع پر پی ایچ ڈی کی ڈگری ملی؟

(۱۷) اردو شاعری میں خودی کا فلسفہ کس نے پیش کیا؟

(۱۸) اقبال کی چار مشہور نظموں کے عنوانات لکھیے۔

(۱۹) اقبال کے دو معاصرین کے نام بتائیے۔

(۲۰) اقبال کے انگریزی کے استاد کون تھے؟

**3۔ درج ذیل سوالات کے تفصیلی جواب دیجیے:**

(۱) اقبال کی غزل گوئی سے اپنی واقفیت کا اظہار کیجیے۔

(۲) اقبال کی نظم نگاری کی انفرادیت سے بحث کیجیے۔

(۳) اقبال کی قومی یکجہتی اور وطنی شاعری کا جائزہ لیجیے۔

(۴) اقبال کی حیات وشخصیت پر روشنی ڈالئے۔

(۵) اقبال کی نثر نگاری کا اجمالی جائزہ لیجیے۔

(۶) اقبال کی مکتوب نگاری کا تنقیدی جائزہ لیجیے۔

(۷) اقبال کے فلسفۂ خودی پر روشنی ڈالیے۔

(۸) اقبال کی نظم "جواب شکوہ" کا ناقدانہ جائزہ لیجیے۔

(۹) اقبال کی نظم "طلبہء علی گڑھ کالج کے نام" کا تجزیہ پیش کیجیے۔

(۱۰) اقبال کی ابتدائی شاعری (۱۹۰۱ تا ۱۹۰۵) پر اظہار خیال کیجیے۔

(۱۱) اقبال کو بہ حیثیت شاعر اور مفکر پیش کیجیے۔

(۱۲) "اقبال کی ذہنی وفکری نشو ونما" پر مضمون لکھئے۔

(۱۳) اقبال کے عہد سے بحث کیجیے۔

(۱۴) اقبال کے تصورات کا جائزہ لیجیے۔

(i) شاہین (ii) مرد کامل (iii) ابلیس (iv) کرگس

(۱۵) بانگ درا کی روشنی میں اقبال کی نظم نگاری کا جائزہ لیجیے۔

(۱۶) بال جبریل کی روشنی میں اقبال کی غزل گوئی کا جائزہ لیجیے۔

(۱۷) اقبال کے عہد کی سماجی اور سیاسی صورت حال کا جائزہ لیجیے۔

(۱۸) اقبال کی ملی شاعری پر نوٹ لکھیے۔

(۱۹) تصانیف اقبال کا اجمالی جائزہ لیجیے۔

(۲۰) اقبال کے تصور عشق پر نوٹ لکھیے۔

## *DSE*

## (Tanz-o-Mezah)



**1۔ مندرجہ ذیل سوالوں کے جواب دیجیے۔**

1۔سودا کس صدی کے شاعر ہیں؟

(الف) 17ویں (ب) 18ویں (ج) 19ویں (د) ان میں سے کوئی نہیں

2۔ولی محمد کس شاعر کا اصل نام ہے؟

(الف) میر (ب) سودا (ج) درد (د) ان میں سے کوئی نہیں

3۔نظیر کے ہم عصر نہیں ہیں؟

(الف) میر (ب) سودا (ج) درد (د) ان میں سے کوئی نہیں

4۔شاعری میں سنجیدہ طنز و مزاح کے لیے مشہور ہیں؟

(الف) میر (ب) سودا (ج) اکبرالہٰ آبادی (د) ان میں سے کوئی نہیں

5۔''فسانۂ آزاد'' کس کی تصنیف ہے؟

(الف) شرر (ب) سرشار (ج) آزاد (د) ان میں سے کوئی نہیں

6۔اکبرالہٰ آبادی کس کے ہم عصر تھے؟

(الف) میر (ب) غالب (ج) سرسید (د) ان میں سے کوئی نہیں

7۔پطرس کا مضمون ہے؟

(الف) لاہور کا جغرافیہ (ب) دلی کا جغرافیہ (ج) سیالکوٹ کا جغرافیہ (د) ان میں سے کوئی نہیں

8۔پطرس کا اصل نام ہے؟

(الف) احمد شاہ بخاری (ب) محمد شاہ بخاری (ج) حشمت شاہ بخاری (د) ان میں سے کوئی نہیں

9۔''آدمی نامہ'' کس کی مشہور نظم ہے؟

(الف) میر (ب) سودا (ج) درد (د) ان میں سے کوئی نہیں

10۔قصیدہ ''تضحیک روزگار'' کس کا شاہکار ہے؟

(الف) میر (ب) سودا (ج) درد (د) ان میں سے کوئی نہیں

**2۔ درج ذیل سوالات کے مختصر جواب دیجیے:**

1. میر کی کسی دو ہجوؤں کے نام لکھئے۔
2. سودا کی کسی دو ہجوؤں کے نام لکھئے۔
3. انشا نے ہجو کے لئے کس صنف کا انتخاب کیا؟
4. نظیر اکبرآبادی نے ہجو کے لئے کس صنف کا انتخاب کیا؟

5. شہرآشوب کی تعریف دو جملوں میں کیجیے۔

6. طنز کی تعریف دو جملوں میں کیجیے۔

7. مزاح کی تعریف دو جملوں میں کیجیے۔

8. میر کے علاوہ کسی دو ہجو گو شعراء کے نام لکھئے۔

9. اکبرالہ آبادی کی کسی دو ہجوؤں کے نام لکھئے۔

10. اودھ پنچ کے کسی دو طنز و مزاح نگاروں کے نام لکھئے۔

11. رتن ناتھ سرشار کی پیدائش کب اور کہاں ہوئی؟

12. اکبر کے کسی دو ہم عصر شعراء کے نام لکھئے۔

13. آدمی نامہ کے علاوہ نظیر اکبرآبادی کی کسی دو نظموں کے نام لکھئے۔

14. پطرس کا اصل نام کیا تھا ان کی جائے پیدائش لکھئے۔

15. پطرس کا انتقال کب اور کہاں ہوا؟

16. پطرس کے کسی دو طنزیہ و مزاحیہ مضامین کے نام لکھئے۔

17. نظیر اکبرآبادی کا اصل نام کیا تھا اور ان کی جائے پیدائش لکھئے۔

18. اکبرالہ آبادی کا اصل نام اور ان کی جائے پیدائش لکھئے۔

19. اکبر کا انتقال کب اور کہاں ہوا؟

20. اکبرالہ آبادی کا کوئی طنزیہ و مزاحیہ شعر لکھئے۔

21. اردو کی دو مزاحیہ نظموں کے نام لکھئے۔

22. وزیرآغا کی ایسی کتاب کا نام لکھئے جس کا تعلق طنز و مزاح سے ہو۔

23. "اردو ادب میں طنز و مزاح" کس کی کتاب ہے؟

24. طنزیات و مضحکات کس کی تصنیف ہے؟

25. میر کا کوئی ہجویہ شعر لکھئے؟

26. سودا کا کوئی ہجویہ شعر لکھئے؟

27 دو طنز و مزاح نگار شاعروں کے نام لکھیے۔

28۔ دو طنز و مزاح نگار ادیبوں کے نام لکھیے۔

29۔ پطرس بخاری انتقال کب اور کہاں ہوا؟

30۔ ''اودھ پنچ'' کیا ہے؟

**3۔ درج ذیل سوالات کے تفصیلی جواب دیجیے:**

1. پطرس بخاری کی طنز ومزاح نگاری کی خصوصیات پیش کیجیے۔
2. نظم آدمی نامہ کا تنقیدی جائزہ پیش کیجیے۔
3. اردو کی طنزیہ ومزاحیہ شاعری میں نظیر اکبرآبادی کا مقام متعین کیجیے۔
4. طنز ومزاح کی تعریف کیجیے اور اسکی اہمیت پر روشنی ڈالیے۔
5. میر کی ہجوگوئی کے بارے میں آپ جو جانتے ہیں لکھئے۔
6. سودا کی ہجوگوئی کی خصوصیات بیان کیجیے۔
7. انشاءاللہ خاں انشا کی ہجویہ شاعری پر اپنے خیالات کا اظہار کیجیے۔
8. نظیر اکبرآبادی کی ہجویات سے متعلق اپنے خیالات کا اظہار کیجیے۔
9. شہر آشوب کیا ہے۔اس کے آغاز وارتقا کا مختصر جائزہ لیجیے۔
10. اردو میں طنزیہ ومزاحیہ نظموں کا ایک عمومی جائزہ پیش کیجیے۔
11. اردو ادب میں طنز ومزاح کے تدریجی ارتقا پر روشنی ڈالیے۔
12. طنز ومزاح کے فرق کو مثالوں کے ساتھ پیش کیجیے۔
13. اودھ پنچ کے طنز ومزاح نگاروں سے اپنی واقفیت کا اظہار کیجیے۔
14. اکبرالہ آبادی کو بحیثیت طنز ومزاح نگار شاعر پیش کیجیے۔
15. اردو نثر میں طنز ومزاح کی ابتدا وارتقا سے بحث کیجیے۔
16. رتن ناتھ سرشار کو بحیثیت طنز ومزاح نگار پیش کیجیے۔
17. جدید دور میں نثر کے حوالے سے طنز ومزاح کی رفتار کا جائزہ لیجیے۔
18. جدید دور میں نظم کے حوالے سے طنز ومزاح کی رفتار کا جائزہ لیجیے۔
19. "کتے" کا تنقیدی جائزہ لیجیے۔
20. اردو طنزو ومزاحیہ ادب میں پطرس بخاری کا مقام متعین کیجیے۔
21. اردو طنز ومزاح نگاری میں رتن ناتھ سرشار کا مقام متعین کیجیے۔
22. اردو نثر میں طنز ومزاح نگاری کی رفتار کا عمومی جائزہ پیش کیجیے۔

23۔کنہیالال کپور کو بحیثیت مزاح نگار پیش کیجیے۔

24۔اردو شاعری میں طنز و مزاح کے عناصر کی نشاندہی کیجیے۔

25۔غالب کے کلام میں طنز و ظرافت کے حوالے سے اپنی واقفیت کا اظہار کیجیے۔

## *6th Semester*

### C C - 13

**1. مختصر سوالات:**

۱. غالب کی پیدائش کب اور کہاں ہوئی ؟

۲. غالب کا انتقال کب اور کہاں ہوا؟

۳. غالب کا پورا نام کیا تھا؟

۴. غالب نے کلکتہ کا سفر کب اور کیوں کیا تھا؟

۵. غالب کے کسی دو تلامذہ کے نام بتائیے۔

۶. غالب کے دیوان کی پہلی غزل کا پہلا شعر لکھئے۔

۷. "پھر مجھے دیدۂ تر یاد آیا" ...... شعر مکمل کیجیے۔

۸. غالب کس مغل بادشاہ کے استاد مقرر ہوئے تھے؟

۹. غالب کے کسی دو ہم عصر شعرا کے نام بتائیے۔

۱۰. "جہاں تیرا نقش قدم دیکھتے ہیں"..... شعر مکمل کیجیے۔

۱۱. غالب نے قصیدہ کس کی شان میں لکھا ہے؟

۱۲. غالب جب کلکتہ پہنچے تو ان کا معرکہ کن کے ساتھ ہوا؟

۱۳. ''کاشانہء دل کے ماہِ دو ہفتہ یہ'' غالب کا یہ خط کس کے نام ہے؟

۱۴. صاحب! تم جانتے ہو کہ یہ معاملہ کیا ہے؟ غالب کا یہ خط کس کے نام ہے۔

۱۵. غالب کا کوئی ایک شعر لکھئے۔

۱۶. غالب کلکتہ کتنی تاریخ کو پہنچے۔



۱۷. غالب نے کلکتہ پہنچنے سے پہلے کس کس شہر میں قیام کیا تھا؟

۱۸. میں نے مراسلے کو مکالمہ بنا دیا ہے ، یہ قول کس کا ہے؟

۱۹. غالب کی بیگم کا نام بتایئے۔

۲۰. غالب کے بھائی کا نام بتایئے جو جنونی تھے۔

## 2. تفصیلی سوالات:

۱. غالب کے حالات زندگی سے اپنی واقفیت کا اظہار کیجیے۔

۲. غالب کی شخصیت پر سفر کلکتہ کے اثرات کی نشاندہی کیجیے۔

۳. غالب کی غزل گوئی سے اپنی واقفیت کا اظہار کیجیے۔

۴. غالب کی قصیدہ نگاری سے اپنی واقفیت کا اظہار کیجیے۔

۵. غالب کی مکتوب نگاری سے بحث کیجیے۔

۶. غالب کے ممتاز معاصرین میں سے کسی ایک پر اظہار خیال کیجیے۔

۷. غالب کے ادبی، تہذیبی اور سماجی حالات سے بحث کیجیے۔

۸. غالب اور جدید ذہن پر ایک مضمون قلمبند کیجیے۔

۹. غالب کے تلامذہ میں سے کسی ایک پر سیر حاصل گفتگو کیجیے۔

۱۰. منشی ہر گوپال تفتہ کے نام لکھے گئے خط کی روشنی میں غالب کی مکتوب نگاری کا جائزہ لیجیے۔

۱۱. غالب کی شاعرانہ انفرادیت واضح کیجیے۔

۱۲. غالب نے اردو مکتوب کو ایک نیا رخ عطا کیا۔اس خیال کی وضاحت کیجیے۔

۱۳. اردو نثر کی تاریخ میں خطوط غالب کی اہمیت واضح کیجیے۔

۱۴. غالب کے خطوط کو آپ بیتی کیوں کہا جاتا ہے۔تحریر کیجیے۔

۱۵. خطوط غالب میں جو عصری تاریخ ملتی ہے اس کی نشاندہی کیجیے۔

۱۶. غالب کو بحثیت غزل گو پیش کیجیے۔

۱۷. غالب کو بحثیت قصیدہ نگار پیش کیجیے۔

۱۸. غالب اور جدیدیت پر ایک مضمون لکھئے۔

۱۹. غالب کی غزلیہ شاعری میں شہر دلی کا سماجی پس منظر ہے اس خیال کی تائید یا تردید مع دلائل کیجیے۔

۲۰. غالب کی شخصیت انکے مکاتیب میں جھلکتی ہے۔ بحث کیجیے۔

۲۱. سفر کلکتہ کے دوران غالب کی تخلیقی سرگرمیوں کا احاطہ کیجیے۔

# C C - 14

## (بنگال کا اردو ادب)

### 1. درج ذیل سوالات کے مختصر جواب دیجیے:

(i) مرشد آباد کے چار کلاسیکی شعراء کے نام لکھئے۔

(ii) وکیل اختر کے دو ہمعصروں کے نام لکھئے۔

(iii) نساخ کی چار اہم کتابوں کے عنونات لکھئے۔

(iv) وحشت کے دو ہمعصروں کے نام لکھئے۔

(v) آرائش محفل کیا ہے؟ اسکا مرکزی کردار کون ہے؟

(vi) انشا کی پیدائش کب اور کہاں ہوئی؟

(vii) بنگال کے دو ترقی پسند شاعروں کے نام بتایئے۔

(viii) بنگال کے دو جدید افسانہ نگاروں کے نام بتایئے۔

(ix) بنگال کے دو ڈراما نگاروں کے نام بتایئے۔

(x) "حزن اختر" کیا ہے؟ یہ کس کی تخلیق ہے؟

(xi) "ہلّہ آتا" ہے کیا ہے؟ اور یہ کس کی تخلیق ہے؟

(xii) پرویز شاہدی کا اصل نام اور جائے پیدائش لکھئے۔

(xiii) "بنگال میں اردو" اور "فورٹ ولیم کالج کی ادبی خدمات" کے مصنفین کے نام لکھئے۔

(xiv) فورٹ ولیم کالج کب قائم ہوا؟ اس وقت ہندستان کا گورنر جنرل کون تھا؟

(xv) فورٹ ولیم کالج میں لکھی گئی دو داستانوں اور انکے مترجمین کے نام تحریر کیجیے۔

(xvi) نوابی دربار کا تعلق کس صنف ادب سے ہے؟ اسکے مصنف کون ہیں؟

### 2. درج ذیل سوالات کے جوابات تحریر کیجیے:

(i) بنگال میں اردو زبان و ادب کے آغاز و ارتقا کا حال بیان کیجیے۔

(ii) آزادی سے قبل بنگال میں اردو غزل کا جائزہ لیجیے۔

(iii) نساخ کی ادبی خدمات کا جائزہ لیجیے۔

(iv) مخلص یا انشا کی غزل گوئی کا تنقیدی جائزہ لیجیے۔

(v) وحشت اور تقلید غالب پر مضمون قلمبند کیجیے۔

(vi) فورٹ ولیم کالج کی ادبی خدمات کا جائزہ لیجیے۔

(vii) پرویز شاہدی کو بحیثیت نظم نگار پیش کیجیے۔

(viii) بنگال کی اردو شاعری پر ترقی پسند تحریک کے اثرات کا جائزہ لیجیے۔

(ix) آرائش محفل کی ادبی ولسانی اہمیت واضح کیجیے۔

(x) مثنوی "حزن اختر" کا تنقیدی جائزہ لیجیے۔

(xi) نظم "بلّہ آتا ہے" کے حوالے سے اشک امرتسری کی نظم نگاری کا جائزہ لیجیے۔

(xii) وکیل اختر کی غزل گوئی سے اپنی واقفیت کا اظہار کیجیے۔

(xiii) آزادی کے بعد بنگال میں اردو افسانے پر سیر حاصل بحث کیجیے۔

(xiv) "نوابی دربار" کا تنقیدی جائزہ لیجیے۔

(xv) آزادی کے بعد بنگال میں اردو شاعری کا اجمالی جائزہ لیجیے۔

**3. درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے:**

(i) آپ سے جھک کے جو ملتا ہوگا
اس کا قد آپ سے اونچا ہوگا

(ii) قدم آہستہ رکھ غافل کہ یاں ہر گام پر تیرے
کہیں خاک سکندر ہے کہیں خونِ فریدوں ہے

(iii) اس شخص کے غم کا کوئی اندازہ لگائے
جس کو کبھی روتے ہوئے دیکھا نہ کسی نے

(iv) گئے وہ دن کہ بہتے تھے پڑے پانی ان آنکھوں سے
سر مژگاں تلک ایک اشک اب آتا ہے مشکل سے

(v) اٹھا ہاتھ ناصح گریباں سے میرے
کہاں تک تو اس کو سلاتا رہے گا

## *DSE - B (4)*

## *Nazeer Akbaraabadi*

**1. درج ذیل سوالات کے جواب مختصراً دیجیے:**

۱. نظیر اکبرآبادی کا پورا نام لکھیے۔

۲. نظیر کی پیدائش کب اور کہاں ہوئی ؟

۳. نظیر کی وفات کب اور کہاں ہوئی ؟

۴. نظیر کے والدین کے نام بتائیے۔

۵. نظیر کی کسی دو نظموں کے عنوان بتائیے۔

۶. نظیر کے غزل کا کوئی ایک شعر لکھیے۔

۷. "دنیا میں بادشاہ ہے سو ہے وہ بھی آدمی" .... شعر مکمل کیجیے اور نظم کا عنوان بتائیے۔

۸. نظیر کی خدمات پر لکھی گئی کسی دو کتابوں کے نام بتائیے۔

۹. نصاب میں شامل نظیر کی کسی دو نظموں کے عنوان بتائیے۔

۱۰. "زندگانیِ بے نظیر" اور "نظیر فہمی" کے مصنفین کے نام بتائیے۔

۱۱. "عشق پھر وہ رنگ لایا ہے کہ جی جانے ہے"...... شعر مکمل کیجیے اور شاعر کا نام بتائیے۔

۱۲. نظیر کے کسی دو ہم عصر شعرا کے نام بتائیے۔

۱۳. نظم کی تعریف کیجیے۔

۱۴. نظم بنجارہ نامہ کا پہلا شعر لکھیے۔

۱۵. "بلدیو جی کا میلہ" کس کی نظم ہے؟

**2. درج ذیل سوالات کے جواب دیجیے:**

۱. نظیر اکبرآبادی کی شخصیت سے اپنی واقفیت کا اظہار کیجیے۔

۲. نظیر اکبرآبادی کے زمانے کے سیاسی وسماجی حالات پر روشنی ڈالیے۔

۳. عوامی شاعر سے آپ کیا سمجھتے ہیں۔اس کی روایت کا تفصیلی جائزہ لیجیے۔

۴. "عوامی شاعری کی روایت میں نظیر کا حصہ" کے عنوان سے ایک مضمون قلم بند کیجیے۔

۵. نظیر کو بحثیت نظم گو پیش کیجیے۔

۶. نظیر کی غزل گوئی کا تنقیدی جائزہ لیجیے۔

۷. نظیر کو بحثیت عوامی شاعر پیش کیجیے۔

۸. نظیر کی شاعری میں جمہوری عناصر کی نشاندہی کیجیے۔

۹. نظم "بنجارہ نامہ" کا خلاصہ اپنی زبان میں تحریر کیجیے۔

۱۰. نظم " آدمی نامہ " کی روشنی میں نظیر کی نظم نگاری کا جائزہ لیجیے۔

**3. درج ذیل سوالات کے جواب دیجیے:**

(i) درج ذیل نظموں میں سے کسی ایک کا خلاصہ اپنی زبان میں لکھئے۔

(الف) بلدیو جی کا میلہ (ب) بنجارہ نامہ (ج) آدمی نامہ

(ii) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے: (کوئی دو شعر)

(الف) عشق پھر رنگ وہ لایا ہے کہ جی جانے ہے
دل کا یہ رنگ بنایا ہے کہ جی جانے ہے

(ب) بحر ہستی میں صحبت احباب
یوں ہے جیسے بروئے آب حباب

(ج) عمر کہتے ہیں جس کو وہ کیا ہے
مثل تحریر موج نقش بر آب

(د) یہ حسن ہے آہ یا قیامت کہ اک بھبھوکا رہا ہے
فلک پہ سورج بھی تھرتھرا کر منہ اس کا حیرت سے تک رہا ہے

(و) حکم چپی کا ہوا جب تو سحر تک ہم نے
رت جگا ایسا منایا ہے کہ جی جانے ہے

(iii) درج ذیل میں سے کسی ایک بند کی تشریح کیجیے:

(الف) گر تو ہے لکھی بنجارا اور کھیپ بھی تیری بھاری ہے
اے غافل تجھ سے بھی چڑھتا اک اور بڑا بیوپاری ہے
کیا شکر مصری قندگری کیا سانبھر میٹھا کھاری ہے
کیا داکھ منقیٰ سونٹھ مرچ کیا کیسر لونگ سپاری ہے
سب ٹھاٹھ پڑا رہ جاوے گا جب لاد چلے گا بنجارا

(ب) فرعون نے کیا تھا جو دعویٰ خدائی کا
شداد بھی بہشت بنا کر ہوا خدا
نمرود بھی خدا ہی کہاتا تھا برملا
یہ بات ہے سمجھنے کی آگے کہوں میں کیا
یاں تک جو ہو چکا ہے سو ہے وہ بھی آدمی

## DSE - A

### 1. مندرجہ ذیل سوالات کے جواب دیجیے:

1. میراجی کب اور کہاں پیدا ہوئے۔
2. کس شاعر نے اپنی خیالی محبوبہ میرا سین کے نام پر اپنا نام رکھا تھا۔
3. "اس نظم میں" کے خالق کون ہیں؟
4. میراجی کی وفات کب ہوئی؟
5. "جن کے گھر شیشے کے ہوں وہ دوسروں پر پتھر نہیں پھینکتے" ..... یہ کس شاعر کا قول ہے؟
6. "اس آباد خرابے میں" کس شاعر کی خودنوشت ہے؟
7. "آخری دن کی تلاش" کس کی کتاب ہے؟
8. ن۔م۔راشد کا پورا نام کیا تھا؟
9. "ماورا" کس شاعر کا پہلا شعری مجموعہ ہے؟
10. نذر محمد راشد کے دو شعری مجموعے کا نام بتایئے؟
11. حلقہ اربابِ ذوق سے منسلک کسی دو شاعروں کے نام لکھئے۔
12. "دیارِ شرق کی آبادیوں کے اونچے ٹیلوں پر" کس شاعر کی نظم کا پہلا مصرعہ ہے؟
13. "مورناچ" کیا ہے اور کس صنف ادب سے اس کا تعلق ہے؟
14. ندا فاضلی کا اصل نام کیا تھا؟
15. گرداب کس شاعر کا مجموعہ کلام ہے؟
16. نصاب میں شامل ناصر کاظمی کی غزل سے کوئی دو اشعار لکھئے۔
17. میراجی کا اصل نام کیا تھا؟



18. نظم "دور و نزدیک" کس شاعر کی تخلیق ہے؟

19. ن۔م۔راشد کی دو نظموں کے عنوان بتائیے۔

20. شہریار کا اصل نام لکھئے۔

21. شہریار کی غزل سے کوئی دو اشعار قلم بند کیجیے۔

22. شہریار کے دو شعری مجموعے کا نام بتائیے۔

23. " گرفتہ دل ہیں بہت آج تیرے دیوانے" ...... شعر مکمل کیجیے۔

24. "اردو ادب کی تحریکیں" کس کی کتاب ہے؟

25. جدیدیت کے حوالے سے شمیم حنفی کی کسی ایک کتاب کا نام بتائیے۔

26. "نیا امرت" کس شاعر کی نظم ہے؟

27. " کہیں تو لٹنا ہے پھر نقد جاں بچانا کیا
اب آگئے ہیں تو مقتل سے بچ کے جانا کیا
درج بالا شعر کس شاعر کا ہے؟

28. "دریچے کے قریب" کس شاعر کی نظم ہے۔

29. " کینوس" اور "دریا" کیا ہے اور اس کا تعلق کس صنف ادب سے ہے؟

30." برگ نے" کیا ہے اس کے خالق کون ہیں؟

31. ندا فاضلی کا کوئی شعر قلم بند کیجیے۔

**2. مندرجہ ذیل سوالات کے جواب دیجیے:**

1. جدید شاعری کے پس منظر کا تفصیلی جائزہ لیجیے۔

2. جدیدیت کے بنیادی مسائل و مقاصد پر روشنی ڈالیے۔

3. میرا جی کی نظمیہ شاعر کے امتیازات بیان کیجیے۔

4. ن۔م۔راشد کی نظمیہ شاعری کے محاسن قلم بند کیجیے۔

5. جدید نظم نگاری کے ارتقا اور اس کے فروغ پر تفصیلی روشنی ڈالیے۔

6. اختر الایمان کو بحیثیت نظم گو پیش کیجیے۔

7. شہریار کی غزلیہ شاعری کی امتیازی خوبیاں بیان کیجیے۔

8. ندا فاضلی کی شاعری کا تفصیلی جائزہ لیجیے۔

9. شہریار کی نظمیہ شاعری کی خصوصیات بیان کیجیے۔

10. جدید غزل کے ارتقا اور اس کے فروغ کے حوالے سے اپنی معلومات کا اظہار کیجیے۔

11. عرفان صدیقی کو بحیثیت غزل گو پیش کیجیے۔

12. نظم "دور و نزدیک" کا تنقیدی جائزہ لیجیے۔